جمادی الاُخریٰ۔شعبان المعظم ۱۴۳۴ھ
اپریل۔جون ۲۰۱۳ء

سہ ماہی حکمت قرآن لاہور



مؤسس: ڈاکٹر اسرار احمد رحمہ اللہ
مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور

قرآن حکیم کی عظمت، تعارف اور حقوق و مطالبات
جیسے علمی و عملی موضوعات پر 8 کتابوں کا مجموعہ

قرآن حکیم اور ہم

از ڈاکٹر اسرار احمد رحمۃ اللہ علیہ

دیدہ زیب ٹائٹل کے ساتھ تقریباً 500 صفحات پر مشتمل فکر انگیز تالیف

خود پڑھیے۔ دوسروں کو تحفہ میں دیجیے!

اشاعت خاص (مجلد):
امپورٹڈ آفسٹ پیپر، قیمت: 400 روپے

اشاعت عام (پیپر بیک):
امپورٹڈ بک پیپر، قیمت: 250 روپے

مکتبہ خدام القرآن لاہور
36۔ کے، ماڈل ٹاؤن، لاہور فون: 3-35869501-042
maktaba@tanzeem.org

اس شمارے میں

حرفِ اوّل

اسلام اور سیاسی ہیئتِ حاکمہ	ڈاکٹر ابصار احمد	3

مضامینِ قرآن

قرآن حکیم کی سورتوں کے مضامین کا اجمالی تجزیہ	ڈاکٹر اسرار احمدؒ	10

فہمُ القرآن

ترجمۂ قرآن مجید، مع صرفی ونحوی تشریح	افادات حافظ احمد یارؒ	20

حکمتِ نبویؐ

قیامت کے دن کے پانچ اہم سوالات	پروفیسر محمد یونس جنجوعہ	30

قرآنیات

علوم القرآن: مطالعۂ قرآن کا ضابطہ، توسیعی وتجدیدی ضرورت	ڈاکٹر پروفیسر محمد عارف خان	33

فکر و نظر

قرآن اور مستشرقین	ڈاکٹر حافظ محمد زبیر	65

کتاب نما

تعارف وتبصرہ	پروفیسر محمد یونس جنجوعہ	82

بیانُ القرآن

MESSAGE OF THE QURAN	Dr. Israr Ahmad	96

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اسلام اور سیاسی ہیئتِ حاکمہ

علامہ اقبالؒ نے فکرِ جدید اور اس کے ہمہ گیر استیلاء کے لیے کئی پیرائے استعمال کیے ہیں‘ جن سے اہلِ علم بخوبی واقف ہیں۔ مثلاً بعض اشعار میں انہوں نے عہدِ نو کو ’’برق‘‘، ’’نئی آگ‘‘، ’’مئے مغرب‘‘ جیسے الفاظ سے تعبیر کیا ہے۔ ایک شعر میں جدید تہذیب وتمدن کی علمی منہاج کو ’’ظاہر پرست‘‘ اور دانش مغرب کو ’’عذاب‘‘ قرار دیا ہے۔ مغربی فکر وتہذیب پر ان کا عمومی نقد وتبصرہ ’’دل کی خرابی‘‘ اور ’’خرد کی معموری‘‘ کے الفاظ میں بہت بھرپور اور پُرمغز انداز میں قارئین کے سامنے آتا ہے۔ عہدِ نو کی فکری حشر سامانیاں تمام روایتی اور غیر سائنسی افکار واقدار کو بھسم کرنے کے درپے ہیں اور اس کی لپیٹ میں بالخصوص اسلامی تہذیب وتمدن کے اصول اور حیاتِ انسانی کے لیے دیے گئے قواعد وضوابط آتے ہیں۔ عصرِ حاضر کی مادہ پرستانہ سوچ کو علامہ اقبال نے فارسی کے اس سادہ شعر میں خوب سمویا ہے ؎

عصرِ ما وارفتۂ آب و گِل است
اہلِ حق را مشکل اندر مشکل است

آج بھی مغربی فکریات کا اگر بنظرِ غائر مطالعہ کیا جائے تو علامہ اقبال کی کم وبیش ایک صدی قبل کی گئی نقد‘ یورپ اور امریکہ کی دانش گاہوں سے آنے والی کتب اور فلسفیانہ افکار پر سو فیصد پوری اترتی ہے۔ فرق صرف یہ ہے کہ اب نسبتاً زیادہ پُرشکوہ لفاظی اور نئی نئی اصطلاحات کا سہارا لیا جاتا ہے۔ مذہب اور مذہبی معتقدات کا واضح اور صاف الفاظ میں انکار تو نہیں ملتا‘ لیکن ان کی ایسی تعبیرات اور تشریحات کی جاتی ہیں جن سے دین ومذہب کی اصل روح اور تاریخیت دم توڑتی نظر آتی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ تمام دوسرے مذاہبِ عالم بڑی حد تک سیکولرائزیشن کے آگے surrender کر چکے ہیں‘ لیکن مغربی دانشور حیرانی اور سراسیمگی کے عالم میں شکوہ کناں ہیں کہ آخرت (روحانی) اور دنیوی پہلوؤں کے درمیان ایک گہرا نامیاتی رشتہ رکھنے والا دین —— اسلام —— سیکولرائزیشن اور لبرل ازم کے آگے قطعاً جھکنے کے لیے تیار نہیں ہے‘ اور اس طرح کی تمام کاوشوں کو resist کرتا ہے۔ انہیں یہ شکایت ہے کہ مسلمان کیوں ایک عالمی سیاسی اور معاشی نظام (world order) کا حصہ بننے کے لیے تیار نہیں!

فی الحقیقت اسلام کا معاملہ یہ ہے کہ وہ بالکل آغاز سے اپنی تعریف اور شناخت میں قطعیت کے ساتھ کلام اللہ یعنی قرآن کی نازل شدہ آیات میں واضح کر دیا گیا تھا۔ دوسرے مذاہب بالخصوص عیسائیت کے برخلاف اس کے بنیادی عقائد اور تہذیبی افتاد ومنہج کی تشکیل دو اڑھائی صدیوں کے بعد نہیں ہوئی۔ چنانچہ روزِ اوّل سے

مشرکینِ مکّہ جان گئے تھے کہ پیغمبرِ اسلام حضرت محمد ﷺ کی دعوت اور کلمۂ شہادت ان کے باطل نظامِ سیادت و سماج پر تیشہ چلانے والا ہے اور ایک خدائے واحد کی حکمرانی کے قیام اور اس کے احکام کی تنفیذ کا نقیب ہے۔ کلمۂ شہادت پہلے معبودانِ باطل کی کامل نفی اور پھر خدائے واحد کا اثبات کرتا ہے۔ مشرکینِ مکہ کا پورا نظام ان جھوٹے خداؤں کے بتوں کی وجہ سے تھا جن کے لیے جملہ قبائل کی عقیدت اور نذر و نیاز اور چڑھاووں کے ذریعے مکہ کے مراعات یافتہ لوگ امن وسکون اور پُرتعیش زندگی بسر کرتے تھے اور ان کے تجارتی قافلوں سے بھی کوئی تعرض نہ کرتا تھا۔ چنانچہ دینِ متین کے سیاسی مضمرات کوئی زائد یا ثانوی مظاہر نہیں بلکہ قرآن کی شکل میں نازل شدہ الٰہیاتی فکری بنیادوں سے فطری وطبعی طور پر پھوٹتے ہیں' اور اس میں کسی تبدیلی کا ہرگز کوئی امکان نہیں ہے۔ پیغمبرِ اسلام حضرت محمد ﷺ نے ۲۳ سالہ جدّوجُہد کے نتیجے میں بنفسِ نفیس اسلام کو پوری جامعیت اور روحانی وسیکولر (دنیاوی) پہلوؤں کی توحید کے ساتھ عملاً قائم کیا۔ بالفاظِ دیگر اسلام تاریخِ عالم میں مابعد الطبیعیاتی دینی عقائد یعنی ایمانیات اور سیاسی غلبہ وقوت کی وحدت کے طور پر سامنے آیا ہے۔

مغربی دانشور اور مصنفین اسلام میں دین ودنیا کی اس نامیاتی وحدت کے برخلاف اسلام کے دو چہروں کی بات کرتے ہیں۔ ایک چہرہ انفرادی' قلبی' ذوقی' تعلق مع اللہ یا دوسرے الفاظ میں احسان یا تصوف والا چہرہ ہے جو ان کے لیے قابلِ قبول ہے۔ دوسرا چہرہ ان کے بقول سیاسی آئیڈیالوجی کی شکل میں ہے جس کا تعلق اجتماعی و سیاسی نظمِ ہیئت یعنی خلافت اور نظامِ عدل وقسط سے ہے۔ مستشرقین اسلام کے مؤخر الذکر چہرے یا پہلو کو ایک خون آشام پبلک آئیڈیالوجی کے طور پر دیکھتے ہیں جسے وہ اول الذکر (ذاتی وایمانی کیفیت کا اسلام) سے بالکل مختلف بلکہ اس کا نقیض گردانتے ہیں۔ میں یہاں اس کی چند مثالیں پیش کروں گا۔

(۱) پروفیسر منٹگمری واٹ کی سیرتِ رسول ﷺ پر دو الگ الگ جلدیں "Muhammad at Makkah" اور "Muhmamad at Madina" اس بات کا اعلان ہیں کہ مکہ میں محمد ﷺ کی حیثیت واقعی ایک نبی اور اخلاقی وسوشل ریفارمر کی ہے جبکہ مدینہ ہجرت کرنے کے بعد وہ فوراً جنگجو سپہ سالار اور حکومت واقتدار کے حصول میں کوشاں نظر آتے ہیں۔ اس طرح منٹگمری واٹ کی نظر سے آنحضور ﷺ کے انقلاب اور دینِ اسلام کی سربلندی کی کاوشوں کے کے تدریجی مراحل اوجھل رہتے ہیں۔

(۲) امریکی نقاد پال برمین پولیٹکل اسلام کے علمبرداروں کے لیے ہر قسم کے گھٹیا اور نازیبا الفاظ استعمال کرتے ہوئے انہیں بیسویں صدی کے بیمار ذہن یورپی فاشسٹ لوگوں کی طرح ایک گروہ قرار دیتا ہے اور اپنے اس خیال کا برملا اظہار کرتا ہے کہ یورپ اور امریکہ کو ان حضرات سے آخری خاتمے تک جنگ جاری رکھنی ہے۔ (بحوالہ تصنیف Terror & Liberalism' شائع شدہ ۲۰۰۳ء)

(۳) اسلام اور قرآن کا سات دہائیوں پر مشتمل طویل اور انتہائی گہرا مطالعہ کرنے والا کینتھ کریگ بھی اس حقیقت کو سمجھنے سے قاصر رہا ہے کہ اسلام آغازِ وحی سے اپنی theopolitical تعلیمات کی شکل میں انسانوں کے کردار اور افعال کو پوری جامعیت (نفسیاتی' قانونی' کلچرل' سیاسی) کے ساتھ متاثر کرنے اور نظامِ شریعت کے تحت تنظیم کا دعوے دار ہے۔ اس کے برعکس یہودی اور عیسائی مذہبی روایات بالعموم غیر سیاسی

(apolitical) ہیں' جنہوں نے خدا کے اختیارِ مطلق اور توحید کے ضمن میں بھی کجی اختیار کی ہے۔

میں یہاں کریگ کی بیسویں صدی کی آخری دہائی میں شائع ہونے والی دو کتابوں کا خاص طور پر حوالہ دوں گا' جو یہ ہیں:

(i) Muhammad and the Christian: A Question of Response
(ii) Jesus and the Muslim : An Exploration

ان دو کتابوں کے حوالے سے کریگ کی جو تنقید اسلام اور پیغمبرِ اسلام ﷺ پر کی گئی ہے' اس کا خلاصہ یہ ہے کہ مذہب کے ایک بانی اور اخلاقی ریفارمر نے اپنے ہاتھ (نعوذ باللہ) سیاسی معاملات اور غلاظت میں پڑ کر میلے اور آلودہ کر لیے۔ کریگ طویل عرصے عرق ریزی کے ساتھ قرآن اور اسلام کا مطالعہ کرنے کے بعد بھی اس حقیقت کو سمجھ نہیں سکا کہ اللہ اکبر کے کلمے اور نعرے کا مطلب ہی اپنی خواہشات' آراء اور ہر قسم کی عصبیتوں کی نفی کر کے اللہ کی کبریائی اور حاکمیت کو تسلیم کرنا ہے۔ اس طرح رسول اکرم ﷺ کا اقدام اور مسلح جِدّوجُہد کو ترک کر دینا حاکمیتِ خداوندی کے قیام سے دست کش ہونے کے مترادف ہوتا۔ اگر رسولِ ناصریؑ نے سیاسی غلبہ و اقتدار کا آپشن بوجوہ استعمال نہیں کیا یا اس کا امکان اور مواقع پیدا نہیں ہوئے تو یہ ضروری نہیں کہ بعد میں آنے والے رسول بھی اسی اسٹریٹیجی پر عمل کریں۔ جبکہ خاتم الانبیاء کی حیثیت سے دینِ متین کا عملاً قیام اور حاکمیت خداوندی کے تحت اسلامی خلافت کے نظامِ عدل وقسط کا قیام آپ ﷺ کے فرائضِ منصبی میں شامل تھا۔ دوسری جانب یہ بھی حقیقت ہے کہ کوئی بھی دین جس کی بنیادیں انتہائی اخلاقی اور روحانی ہوں' گوارا نہیں کرتا کہ اس کی فتح صرف روحانی و اخلاقی نوعیت کی ہو اور سیاسی اعتبار سے وہ قطعاً خالی ہو۔ یہی بنیادی فرق ہے جو اسلامی انقلاب کو تاریخ کے تمام دوسرے انقلابات مثلاً روس کے بالشویک انقلاب' انقلابِ فرانس وغیرہ سے ممیّز کرتا ہے۔ عیسائیت اور بدھ مت کو نسٹنٹائن اور اشوکا جیسے شہنشاہوں کی سرپرستی کی وجہ سے تبلیغی اور عالمگیر مذاہب بنے' جبکہ پیغمبرِ اسلام ﷺ نے خود بنفسِ نفیس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ مل کر عرب میں اسلام کو نافذ و غالب کیا اور اسلامی حکومت کی توسیع کا عمل اپنی حیاتِ طیبہ میں شروع کر دیا۔

کوئی بھی حق کا علم اٹھانے والا دین (سوائے رہبانیت یا تیاگ کا فلسفہ ماننے والوں کے) سیاسی لازماً ہو جاتا ہے۔ اس کی چار سطحیں ہیں' پہلی دو میں کوئی بھی مذہب ہلکے انداز میں سیاسی جبکہ آخری دو سطحوں پر وہ گاڑھے انداز میں سیاسی ہو جاتا ہے' اور یہی اسلام کے ساتھ مختص ہیں' اگرچہ پہلی دو سطحوں سے بھی اسلام کا تعلق ہے۔

(۱) اسے وقت کے سیاسی نظام اور اہلِ اقتدار سے کچھ نہ کچھ معاملہ کرنا پڑتا ہے

(۲) مذہبی افراد کی کثیر تعداد اخلاقی بنیادوں پر غیر عادلانہ اور غیر منصفانہ و معاشی نظام کو چیلنج کرتی ہے۔ پُرامن احتجاج اس کے لیے مناسب اور جائز راستہ ہو سکتا ہے۔ اسلام اس سلسلے میں بقدرِ ضرورت عسکریت (militancy) اور انقلابی طریقے کی اجازت بھی دیتا ہے۔ امام ابوحنیفہؒ کی فقہی رائے کے مطابق ظالم حکمران کے خلاف ''خروج'' (کامیابی کی توقع کی شرط کے ساتھ) کی بھی اجازت ہے۔ اس Activism میں کرسچن لبریشن تھیالوجی کی طرح ہم اسلام کی لبریشن تھیالوجی کو نمایاں کر سکتے ہیں جس

میں لوگوں کو جابر اور سفاک حکمرانوں کے ظلم سے آزاد کرایا جاتا ہے۔ ظالم حکومت کے خلاف خروج کو حرابہ کے مشابہ قرار دینا سخت ناانصافی ہے۔

(۳) اسلام کی رو سے سیاست دین کا جزو ہے اور دین کی تعلیمات اُس کا بھی احاطہ کرتی ہیں۔ فقہاء نے اسلامی حکومت و سیاست کی کلاسیکل تھیالوجی اور اس کے اصول وضوابط وضع کیے ہیں۔ اجتماعی نظم سے آگے اس سیاسی تگ وتاز کا ہدف خلافت کے اصول پر استوار ریاست اور حکومت کا نظام قائم کرنا ہے۔ انفرادی نیکی اور اصلاح کو بھی قوانین کے ذریعے پبلک سطح پر بالجبر نافذ کیا جاتا ہے۔ شریعت کے قوانین کے ذریعے ریاست اپنا اثر ونفوذ انفرادی زندگیوں تک پھلاتی ہے۔

(۴) اسلام کا آغاز بحیثیت امپیریل پاور مثالی ہے۔ کوئی اور مذہب شعوری طور پر ایمان اور سیاسی اقتدار کے اشتراک کی شکل میں شروع نہیں کیا گیا۔ اگرچہ اہلِ اسلام نے لوگوں کو تلوار کے زور پر حلقہ بگوشِ اسلام نہیں کیا، تاہم اخلاقی وعسکری فتوحات کے ذریعے نظام کو توحید اور اسلامی تعلیمات کے مطابق بنا کر عوام الناس کے لیے اسلام کی حقانیت کو پہچاننا آسان بنا دیا۔ یعنی اس کے مواقع فراہم کیے گئے۔ اسلامی فتوحات اور اس کی آفاقی مذہبی اپیل باہم مربوط ہیں۔ اور صوفیاء نے اس زمینی پھیلاؤ اور اثر ورسوخ میں پُر امن طریقے پر دعوت وتزکیہ کے ذریعے اہم رول ادا کیا۔ اسلامی حکومت کا مقصد دنیا میں اللہ کی حکمرانی یعنی اس کی شریعت کی حکمرانی کا نظام قائم کر کے پورے نظامِ حیات پر اظہارِ دینِ حق یعنی نظامِ عدل وقسط کا قیام ہے۔

بلاشبہ ہماری تاریخ میں سیاسی اقتدار کے تحت کیے گئے مظالم اور ناانصافی کے واقعات ملتے ہیں، تاہم کینتھ کریگ نے اپنی تنقید میں اقتدار اور سیاسی غلبے کے حوالے سے بہت ہی غیر علمی اور عامیانہ رویے کا اظہار کیا ہے۔ جبکہ قرآن نے کئی جگہوں پر 'نصر' یعنی اللہ کی طرف سے دی گئی فتح اور بالادستی کو sanctify کرنے کا حکم دیا ہے۔ سورۃ النصر کا مضمون اسی حکم کو اجاگر کرتا ہے جس میں اللہ کی نصرت اور فتح اور لوگوں کے جوق در جوق حلقہ بگوشِ اسلام ہونے پر فتح کے شادیانوں کی بجائے اللہ کے حمد وشکر کی تسبیح اور استغفار کا حکم دیا گیا ہے۔ تاریخ کے دوسرے شہنشاہوں اور اہل اقتدار کی ہوسِ ملک گیری کے مقابلے میں اسلام میں حکومت واقتدار، اللہ کی خوشنودی، اس کی حاکمیت کے قیام اور بندوں کے لیے اطاعت کے نظام (نظامِ بندگی) کو ممکن اور سہل بنانا ہے۔ چنانچہ مسلمان حکمرانوں اور ملکی وملی امور کے ذمہ داران کو قرآن حکیم اور احادیثِ رسولؐ میں متعدد ہدایات دی گئی ہیں۔ دین اور دنیا کی وحدت کی تحسین کی بجائے کریگ کو آنحضورﷺ کی ہجرت کے بعد مدینہ میں گزاری ہوئی دہائی میں (معاذ اللہ) رومی جرنیل سیزر کا کردار نظر آتا ہے، جس نے وحی کی وہ روحانیت جو مکہ میں نظر آتی تھی کا ابطال کر دیا۔ وہ بالکل غلط طور پر روحانیت اور سیاسی غلبہ واقتدار کی ثنویت اور مغائرت کا قائل ہے اور سمجھتا ہے کہ باطل کے خلاف مسلح تصادم سے پیغمبرانہ مشن کی اخلاقی وروحانی روح ختم ہو جاتی ہے۔ اس کے برعکس حقیقت یہ ہے کہ آنحضورﷺ محض اخلاقی واعظ اور سوشل ریفارمر ہی نہیں تھے بلکہ انہیں اللہ تعالیٰ نے اسلام کے دین حق اور میزان (نظام عدل وقسط) کو تمام دوسرے نظام ہائے زندگی پر غالب کرنے کا منصب سونپا تھا۔ اور آپؐ نے بالفعل ہر قسم کے تشدد اور مخالفت کو انگیز کرتے ہوئے اور اپنے عزیز ترین اعزّہ اور ساتھیوں کی جان ومال کی قربانی

کے بعد اس منزل کو پایا۔

بعض تجزیہ نگاروں اور اہلِ دانش کا خیال ہے کہ نوآبادیاتی نظام کے خاتمے اور مسلمان ممالک کی آزادی کے بعد اسلام اور سیاسی اقتدار و ریاست کی یکجائی پر مشتمل نظریہ پہلی بار سامنے آیا۔ جبکہ تاریخ کی ناقابل تردید حقیقت یہ ہے کہ مسلمان اہلِ علم کی اکثریت اور قرآن وسنت کی تعلیمات سے گہرا شغف اور تبحر علمی سے متصف ملّتِ اسلامیہ کے سرکردہ مشاہیر نے ہمیشہ یہ موقف اختیار کیا ہے کہ اسلام اور ریاست باہم لازم وملزوم ہیں' اور ان دونوں میں علیحدگی ملّتِ اسلامیہ کے زوال اور پچھلی دو اڑھائی صدیوں کے دوران مسلمان ممالک کے یورپی نوآبادیاتی نظام میں جکڑے جانے کا نتیجہ ہے۔ نوآبادیاتی تسلط کے تحت مرعوبیت اور یورپی تہذیب وتمدن سے متاثر ہو کر چند وہ دانشور جنہوں نے مغربی ممالک میں تعلیم حاصل کی تھی' اس موقف کے پیش کنندہ بنے کہ اسلام کا کوئی تعلق ریاست اور سیاسی اقتدار سے نہیں ہے۔ اس طرح ان حضرات کا تصورِ دین اسلام کو صرف مذہب کی سطح تک محدود کر دیتا ہے اور اجتماعیت کے جملہ پہلو ان کی نظر سے اوجھل ہو جاتے ہیں۔ المیہ یہ ہے کہ ایسے دانشور اپنے فکر کو عجیب وغریب استدلال سے مزیّن کرتے ہیں اور زخرف القول کے ذریعے عوام الناس کو دھوکا دیتے ہیں۔ مثلاً ان کے خیال میں قرآن کی ایک آیت بھی ایسی نہیں ہے جس کے مخاطب بادشاہ یا حکمران ہوں۔ قرآن کے مخاطب تو حضرت محمد ﷺ اور بالعموم عام لوگ اور بالخصوص اہلِ ایمان ہیں۔ میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ یہ حضرات آیتِ قرآنیہ ''اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ'' کی کیا تعبیر کریں گے جس میں حکومت و پادشاہی کا حق دار صرف صرف اللہ تعالیٰ کو قرار دیا گیا ہے! اسی طرح مسلمانوں کے 'تمکن فی الارض' یعنی زمین میں غلبے اور اقتدار کے بعد ان کا کیا رویہ ہونا چاہیے' کی صراحت ہے۔ مزید برآں ''اولوالامر'' کی اصطلاح تو متعدد جگہوں پر آئی ہے' جس کا واضح اشارہ ملّت اسلامیہ کے اجتماعی وسیاسی امور کے ذمہ دار سربراہان کی طرف ہے۔ ماضی کے بہت سے مسلمان مفکّرین نے سیاسی اسلام کے موضوع پر بڑی معرکۃ الآرا تصانیف شائع کی ہیں' مثلاً الماوردی کی **الأحكام السلطانيه** اور دوسری متعدد نگارشات۔ لہٰذا یہ کہنا کہ سیاسی اسلام جدید دور کی پیداوار ہے' کسی طور پر بھی صحیح نہیں ہے۔

دِقّتِ نظر اور زیادہ گہرائی سے تنقیدی تجزیہ کیا جائے تو فکرِ جدید کے گرویدہ ان فضلاء میں برصغیر پاک وہند میں دوسروں کے علاوہ سرفہرست مولانا وحید الدین خان اور جناب جاوید احمد غامدی ہیں۔ ان کے تصورِ دین کو گورنمنٹ اور اسٹیٹ کی ناگزیریت کے بغیر ''اخلاقی مذہب'' (Islam as private ethical faith) قرار دیا جا سکتا ہے۔ یہ حضرات اپنی نگارشات میں اسلام کو صرف ایک پُرامن ایمانی واخلاقی دعوت تک محدود رکھتے ہیں اور ہیئتِ اجتماعیہ کی سطح پر اسلام کی حیثیت بطور سیاسی نظمِ حکومت اور اسٹیٹ قائل نہیں ہیں۔ حیرت اس بات پر ہوتی ہے کہ ان سکالرز کے برخلاف علامہ اقبال جیسے نابغہ جن کا فکر وتہذیبِ مغرب کا مشاہدہ اور اس پر عملی گرفت بہت عمیق اور وسیع تھی' نے اسلام اور حکومت وسیاسی قوت کے اجتماع اور حاکمیتِ خداوندی کے مضمرات کو نثر اور شعر دونوں میں نہایت وضاحت اور زوردار انداز میں بیان کیا ہے۔ ماضی قریب میں مرحوم ڈاکٹر فضل الرحمٰن نے بھی اپنے علمی مضامین میں ایک بااصول منظّم اجتماعیت کے قیام کو ایمان واسلام کے لازمی تقاضے کی حیثیت سے

بیان کیا ہے۔ اگرچہ ان کی بعض فلسفیانہ اور فقہی آراء سے اختلاف کیا جا سکتا ہے' لیکن مندرجہ ذیل الفاظ اجتماعیت اور ریاست کے حوالے سے ان کے خیالات اسلام کی قرنِ اوّل کی قرآن وسنت پر مبنی تفہیم کی ترجمانی کرتے ہیں:

"...... personal inner faith is by no means enough for God's purposes, and an organized normative community is a dire necessity." (1)

راقم نے اپنی ایک تحریر میں ڈاکٹر فضل الرحمٰن کے اس فکر کو کینٹ ویل سمتھ کے اسی سیاق میں استعمال کردہ ایک نسبتاً تکنیکی وعملی لفظ 'reification' کی تائید وتصویب کے طور پر بیان کیا ہے۔ یعنی ایک جانب ڈاکٹر فضل الرحمٰن اور دوسری طرف غیر مسلم محقق کینٹ ویل سمتھ اسلام کے اجتماعی نظم اور سیاسی رول کے بارے میں ایک ہی مثبت رائے رکھتے ہیں:

"He (Dr. Fazlur Rehman) thus fully affirms 'reification' (W.Cantwell Smith's expression) of Iman in a spatio-temporal context and impugnes all modernists' attempt to empty Islam of its political content." (2)

ہمارے ہاں حکومتی سرپرستی اور مغربی اثر ونفوذ کے زیر اثر پروان چڑھنے والا تصوف اور ہمہ اوستی افکار بھی اسلام کو صرف ایک روحانی واخلاقی تعلیم اور انسان دوست مذہب کے طور پر پیش کرتے ہیں۔ اسی سے ملتی جلتی صورت حال ''روایت'' کے علمبرداروں کی ہے جو صرف فرد کی ذاتی اصلاح اور روحانی بالیدگی پر اپنا فکر مرکوز رکھتے ہیں اور اس طرح وہ مابعد جدیدیت کی مذہب کی وہ تعریف قبول کر لیتے ہیں جس میں مذہب کو فرد کے باطنی اطمینان اور آسودگی تک محدود کر کے کسی اجتماعی نظم اور ہیئتِ سیاسی سے قطعاً اعتناء نہیں کیا جاتا۔ اس طرح عالمی سیاسی وتہذیبی سطح پر یہ لوگ اسلام کو ایک بالکل غیر مؤثر اور انتہائی محدود تناظر کے ساتھ پیش کرتے ہیں۔

قارئین کے علم میں ہے کہ زیر نظر جریدہ مرکزی انجمن خدام القرآن کے زیر اہتمام شائع ہو رہا ہے جس کا چالیسواں سالانہ اجلاس دسمبر ۲۰۱۲ء کے آخری ہفتے میں منعقد ہوا — یعنی مرکزی انجمن کے مؤسس ڈاکٹر اسرار احمد صاحب رحمہ اللہ نے اس کا آغاز ۱۹۷۲ء میں کیا تھا اور یوں بحمد اللہ مرکزی انجمن اپنے مقاصد اور قرآن کریم کی ہدایت اور افکار کی اشاعت کا اہتمام حتی المقدور کر رہی ہے۔ صدر مؤسس کو ہم سے دار الخلد کی طرف مراجعت کیے امسال ۱۴/ اپریل کو تین سال ہو رہے ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی لغزشوں کو معاف فرمائے اور انہیں اپنے جوارِ رحمت میں جگہ دے (آمین!)

سطورِ بالا میں پیش کردہ خیالات کہ کس طرح اسلام اپنی جامعیت کے ساتھ نفاذ اور تہذیبی وسیاسی غلبے کا تقاضا کرتا ہے اور غلبہ ریاست کی سطح پر کیونکر منشائے دین ہے' مؤسسِ انجمن نے اپنے متعدد خطابات اور

---

(1) The Journal of Religions Ethics, University of Chicago Prss (USA) 1982.

(2) General Prologue, Knowledge- Morality News, Concept Media Books, Lahore 1995 p--26-7

کتابوں میں شرح وبسط اور مدلل انداز میں پیش کیے ہیں۔ چنانچہ راقم کہہ سکتا ہے کہ یہ زیادہ تر انہی کے افکار کی ترجمانی ہے۔ اس ضمن میں ان کے کئی کتابچے مثلاً ''اسلام کے انقلابی فکر کی تجدید وتعمیل اور اس سے انحراف کی راہیں''، ''فرائضِ دینی کا جامع تصور'' اور مبسوط کتاب ''منہج انقلاب نبویؐ'' کا مطالعہ بالخصوص مفید رہے گا۔ برادرِ مکرم ؒ نے فطری طور پر جہاں عملاً اپنے فکر اسلامی کو برِعظیم پاک وہند کے تناظر میں رکھ کر پیش کیا' وہیں اس کی اساسات بلاشبہ قرآن کریم کی واضح نصوص اور سیرتِ مطہرہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام اور امت کے صاحبِ بصیرت علماء اور مفکّرین سے ماخوذ راہنمائی پر رکھی ہیں۔ انہوں نے اسلام کے حرکی تصور کے سامراجی دور میں اضمحلال اور دوبارہ احیاء کی پوری تاریخ اور تمام ماخذ واضح کیے ہیں۔ اسی حرکی فکر اور اسلام کی ہمہ گیر اور ہمہ جہتی تشریحات کے لیے انجمن کی سطح پر سالانہ محاضرات کی محافل کا انعقاد ہوتا رہا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ جب بھی اسلام بحیثیتِ دین اور اس کے سیاسی نظام کا موضوع زیر بحث آئے گا' تو ان کی شخصیت اور فکر کو سنگِ میل کے طور پر یاد کیا جائے گا۔ اپنے خطباتِ جمعہ اور بیرونی اسفار کے دوران بھی انہوں نے فرائضِ دینی کا جامع تصور اور دینی سیاسی ہیئتِ حاکمہ کے قیام کی اہمیت کو بلاکم وکاست بیان کیا اور سامعین کو اس کے لیے انفاقِ مال اور بذلِ نفس پر اُبھارا۔ فللّٰہ الحمد!

مرکزی انجمن خدام القرآن کے زیر اہتمام قرآن اکیڈمی کے شعبہ انگریزی کے جز وقتی معاون سید افتخار احمد صاحب کا دو ہفتے قبل ہارٹ اٹیک سے انتقال ہوگیا۔ وہ اس روز حسب معمول اکیڈمی تشریف لائے تھے۔ شام کو گھر پر مغرب کی نماز کے لیے وضو کرنے کے بعد اٹھتے ہوئے گرے اور چند لمحوں میں جان جان آفریں کے سپرد کردی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ میں چونکہ طویل عرصے شعبہ انگریزی کے ناظم کے طور پر ان کے ساتھ آفس میں کام کرتا رہا ہوں' اس لیے ان کے مزاج' عادات اور انتہائی صالح طبیعت واطوار سے واقف ہوں۔ ہماری تحریک اور کام سے ان کا تعارف (جدہ) سعودی عرب میں پندرہ بیس سال قبل قیام کے دوران ہوا تھا' اور وہ وہاں باقاعدگی سے دروس اور اجتماعات میں شرکت کے ساتھ فعال رہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی خطاؤں سے درگزر کریں اور جنت الفردوس میں جگہ دیں۔ آمین!

❁❁❁

جہاد فی سبیل اللہ

اصل حقیقت' اہمیت ولزوم اور مراحل ومدارج

بانی تنظیم اسلامی ڈاکٹر اسرار احمد ؒ کا ایک جامع خطاب

قرآن حکیم کی سورتوں کے مضامین

کا اجمالی تجزیہ

از: ڈاکٹر اسرار احمدؒ

ترتیب وتدوین: سید برہان علی۔ حافظ محمد زاہد

سُوْرَۃُ النَّبَاِ

قرآن حکیم کی آخری منزل سورۂ قٓ سے شروع ہوتی ہے۔ تعدادِ سُوَر کے اعتبار سے یہ آخری منزل تقریباً نصفِ قرآن ہے اور اس میں کل ۶۵ سورتیں ہیں، جن میں سورۃ الحدید سے سورۃ التحریم تک دس مدنی سورتوں کا ایک خوبصورت گلدستہ ہے۔ مزید برآں دو اور سورتیں (البیّنۃ اور النصر) مدنی ہیں، جبکہ ان کے علاوہ باقی تمام سورتیں مکّی ہیں۔ قرآن مجید کی اس آخری منزل کے حوالے سے۔ دوسری بات یہ نوٹ کیجیے کہ قرآن مجید کا یہی حصہ سب سے پہلے نازل ہوا ہے۔ یہ حصّہ حجم کے اعتبار سے اگرچہ چھوٹی چھوٹی سورتوں پر مشتمل ہے، لیکن یہ سورتیں اپنے معانی اور مفاہیم کے لحاظ سے بہت جامع ہیں۔

تیسویں پارے کی مکی سورتوں کا رنگ وہی ہے جو انتیسویں پارے کی سورتوں کا تھا، یعنی خبردار کرنا، قیامت سے قبل اور بعد میں پیش آنے والے حالات و واقعات کا بیان، جزا و سزا، بعث بعد الموت اور جنت و دوزخ کا تذکرہ وغیرہ —— تیسویں پارے کی پہلی سورۃ ''النبا'' ہے۔ چونکہ رسول اللہ ﷺ کی دعوت کا نقطہ آغاز انذار ہے ﴿یٰۤاَیُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝ قُمْ فَاَنْذِرْ ۝﴾ چنانچہ آپؐ نے سب سے پہلے آخرت کے بارے میں خبر دی تو اس پر ایک ہنگامہ سا شروع ہوگیا، ایک ہلچل برپا ہوگئی اور لوگ ایک دوسرے سے چہ میگوئیاں کرنے لگے۔ اس کا نقشہ اس سورۃ کی ابتدائی آیات میں کھینچا گیا ہے۔ فرمایا:

عَمَّ یَتَسَآءَلُوْنَ ۝ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِیْمِ ۝ الَّذِیْ هُمْ فِیْهِ مُخْتَلِفُوْنَ ۝ كَلَّا سَیَعْلَمُوْنَ ۝ ثُمَّ كَلَّا سَیَعْلَمُوْنَ ۝

''یہ لوگ کس چیز کی نسبت پوچھ گچھ کر رہے ہیں؟ کیا اُس بڑی خبر کی نسبت جس کے بارے میں یہ اختلاف کر رہے ہیں؟ ہرگز نہیں! (قیامت کے بارے میں ان کے خیالات ہرگز درست نہیں!) یہ عنقریب جان لیں گے۔ ہاں، ہرگز نہیں! یہ عنقریب جان لیں گے۔''

آیات ۶ تا ۱۶ میں اللہ تعالیٰ نے انسانوں پر کیے گئے اپنے انعامات کا تذکرہ بطور دلیل کے کیا ہے کہ وہ ذات جو ان تمام چیزوں کو بنا سکتی ہے کیا وہ اس پر قادر نہیں ہے کہ مُردوں کو جزا و سزا کے لیے دوبارہ زندہ کرے!— اور اس کے بعد آیات ۱۷ تا ۲۰ میں قیامت کا منظر بیان کیا گیا ہے۔ فرمایا:

اِنَّ یَوۡمَ الۡفَصۡلِ کَانَ مِیۡقَاتًا ﴿۱۷﴾ یَّوۡمَ یُنۡفَخُ فِی الصُّوۡرِ فَتَاۡتُوۡنَ اَفۡوَاجًا ﴿۱۸﴾ وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَکَانَتۡ اَبۡوَابًا ﴿۱۹﴾ وَّسُیِّرَتِ الۡجِبَالُ فَکَانَتۡ سَرَابًا ﴿۲۰﴾

''بے شک فیصلے کا دن مقرر ہے۔ جس دن صور پھونکا جائے گا تو تم لوگ فوج در فوج آ موجود ہو گے۔ اور آسمان کھول دیا جائے گا تو (اس میں) دروازے ہی دروازے ہو جائیں گے۔ اور پہاڑ چلائے جائیں گے تو وہ ریت ہو کر رہ جائیں گے۔''

آگے آیات ۲۱ تا ۳۷ میں پہلے اہل دوزخ اور ان کے دردناک حالات کا تذکرہ کیا گیا اور اس کے فوراً بعد اہلِ جنت اور ان پر اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے ہونے والے انعامات کا تذکرہ کرتے ہوئے آخر میں میدانِ حشر کا نقشہ کھینچا گیا ہے۔ فرمایا:

جَزَآءً مِّنۡ رَّبِّکَ عَطَآءً حِسَابًا ﴿۳۶﴾ رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَمَا بَیۡنَہُمَا الرَّحۡمٰنِ لَا یَمۡلِکُوۡنَ مِنۡہُ خِطَابًا ﴿۳۷﴾ یَوۡمَ یَقُوۡمُ الرُّوۡحُ وَالۡمَلٰٓئِکَۃُ صَفًّا ۙ لَّا یَتَکَلَّمُوۡنَ اِلَّا مَنۡ اَذِنَ لَہُ الرَّحۡمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ﴿۳۸﴾ ذٰلِکَ الۡیَوۡمُ الۡحَقُّ ۚ فَمَنۡ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰی رَبِّہٖ مَاٰبًا ﴿۳۹﴾ اِنَّاۤ اَنۡذَرۡنٰکُمۡ عَذَابًا قَرِیۡبًا ۚ یَوۡمَ یَنۡظُرُ الۡمَرۡءُ مَا قَدَّمَتۡ یَدٰہُ وَیَقُوۡلُ الۡکٰفِرُ یٰلَیۡتَنِیۡ کُنۡتُ تُرٰبًا ﴿۴۰﴾

''یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے صلہ ہے انعام متعین۔ وہ جو آسمانوں اور زمین اور جو ان دونوں میں ہے سب کا مالک ہے' بڑا مہربان ہے' کسی کو اس سے بات کرنے کا اختیار نہ ہوگا۔ جس دن روح (حضرت جبرائیلؑ) اور ملائکہ (پروردگار کے سامنے) صف در صف کھڑے ہوں گے' اور اس وقت (دہشت کا وہ عالم ہوگا کہ) خدائے رحمٰن کے اذن کے علاوہ کسی کو بولنے کی جرأت نہ ہوگی اور جو بولے گا وہ صحیح بولے گا۔ یہ دن برحق ہے' پس جو شخص چاہے اپنے پروردگار کے پاس (اپنا) ٹھکانہ بنا لے۔ (اے لوگو!) ہم نے تمہیں اس عذاب سے خبردار کر دیا ہے جو آنے والا ہے۔ اُس دن انسان اپنے کرتوتوں کو دیکھ لے گا جو اس نے آگے بھیجے ہیں اور کافر کہے گا کہ کاش میں مٹی ہوتا!''

دیکھئے یہ کلمۂ حسرت ہے جو اُس دن وہ لوگ کہیں گے جو ناکام و نامراد قرار دیے جائیں گے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ کاش میں ایک چڑیا ہوتا یا گھاس کا ایک تنکا ہوتا جس کا کوئی محاسبہ نہیں! اگر انسان اس دنیا میں ہی اس محاسبے کا احساس کر لے تو وہ کامیاب ہو جائے گا' ورنہ اُس روز یہ حسرت بھرا کلمہ کہنا پڑے گا: ﴿یٰلَیۡتَنِیۡ کُنۡتُ تُرٰبًا﴾ ''کاش میں مٹی ہوتا!''

سُورَۃُ النّٰزِعٰت

سورۃ النازعات اور سورۂ عبس جوڑے کی شکل میں ہیں۔ سورۃ النازعات کا آغاز کچھ قسموں سے ہو رہا

ہے۔ان قسموں کے مفہوم کے بارے میں مختلف آراء ہیں۔عام طور پر یہ خیال ہے کہ یہ فرشتوں کے مختلف اعمال کی قسمیں ہیں جس طرح سورۃ الصافات کے شروع میں ہیں —— دراصل یہ پانچ سورتیں ہیں: الصافات' الذّاریات' المرسلات' النّازعات اور العادیات' ان سب کا آغاز مختلف قسموں سے ہو رہا ہے —— اس سورۃ کے آغاز میں فرشتوں کے چند افعال کی قسم کھائی گئی ہے۔فرمایا:

وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا ۙ وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا ۙ وَّالسّٰبِحٰتِ سَبْحًا ۙ فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا ۙ فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ۘ

''قسم ہے اُن (فرشتوں) کی جو ڈوب کر کھینچ لیتے ہیں' اور ان کی جو آسانی سے کھول دیتے ہیں' اور ان کی جو تیرتے پھرتے ہیں' پھر لپک کر آگے بڑھتے ہیں' پھر (دنیا کے) کاموں کا انتظام کرتے ہیں۔''

یہاں پر مُقسَم علیہ محذوف ہے' لیکن قسم اسی بات پر کھائی جا رہی ہے جو اس سے قبل سورتوں میں آ چکی ہے۔یعنی جس بات (قیامت) کی تمہیں خبر دی جا رہی ہے وہ اٹل اور یقینی ہے اور جزا و سزا کا معاملہ ہو کر رہے گا۔

آیات ۶ تا ۱۴ میں قیامت کا نقشہ کھینچا گیا ہے اور آیات ۱۵ تا ۲۶ میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے واقعہ کو مختصراً بیان کیا گیا ہے —— جبکہ سورۃ کے دوسرے رکوع میں دوٹوک انداز میں بتا دیا گیا ہے کہ اصل فیصلہ کن بات آخرت کا یقین' آخرت کی باز پرس اور حساب و کتاب کا خوف ہے۔اگر تو یہ انسان کے اندر موجود ہے تو انسان کا انجام اچھا اور بھلا ہو گا اور اگر ایسا نہیں ہے تو زبان سے خواہ وہ کچھ بھی کہہ رہا ہو' چاہے آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ کا ورد کر رہا ہو' لیکن دل میں یہ کچھ نہ ہو تو اس کا انجام کچھ اور ہی ہو گا۔فرمایا:

فَاِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى ۘ يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ مَا سَعٰى ۙ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِمَنْ يَّرٰى ۝ فَاَمَّا مَنْ طَغٰى ۙ وَاٰثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۙ فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ الْمَاْوٰى ۭ وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ۙ فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى ۭ

''تو جب بڑی آفت (یعنی قیامت) آئے گی' تو اس دن انسان اپنے کاموں کو یاد کرے گا' اور دوزخ دیکھنے والے کے سامنے نکال کر رکھ دی جائے گی۔تو جس نے سرکشی کی روش اختیار کی' اور اس دنیا کی زندگی کو (آخرت پر) ترجیح دی' تو اُس کا ٹھکانہ جہنم ہے۔(اس کے برعکس) جو اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرتا رہا اور نفس کو بُری خواہشات سے روکتا رہا' تو اُس کا ٹھکانہ جنت ہے۔''

آگے لوگوں کے ایک سوال کو بیان کیا گیا ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ سے پوچھتے ہیں کہ قیامت کب واقع ہو گی؟ اصل بات تو یہ ہے کہ وہ لازمی واقع ہو گی لیکن اس حوالے سے وہ شک میں پڑے ہوئے ہیں۔فرمایا گیا:

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ۭ فِيْمَ اَنْتَ مِنْ ذِكْرٰىهَا ۭ اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهٰىهَا ۭ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرُ مَنْ يَّخْشٰىهَا ۭ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰىهَا ۧ

''(اے پیغمبر ﷺ! لوگ) آپ سے قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں کہ اس کا وقوع کب ہو گا؟ سو آپ اس کے ذکر سے کس فکر میں ہیں؟ اس کا منتہا (یعنی واقع ہونے کا وقت) آپ کے پروردگار ہی کو (معلوم) ہے۔جو شخص اس سے ڈر رکھتا ہے آپ تو اسی کو ڈر سنانے والے ہیں۔جب وہ اس کو دیکھیں گے (تو ایسا خیال کریں گے) کہ گویا (دنیا میں صرف) ایک شام یا صبح رہے تھے۔''

سُورَۃ عَبَس

اس سورۃ کے ابتدائی حصہ کا ترجمہ کرتے ہوئے ایک ہچکچاہٹ محسوس ہوتی ہے‘ اس لیے کہ بظاہر اس میں نبی اکرم ﷺ پر گرفت ہے۔ اس کا پس منظر یہ ہے کہ ایک مرتبہ حضور ﷺ کچھ سردارانِ قریش کی محفل میں تشریف فرما تھے اور کچھ گفتگو ہو رہی تھی —— ظاہر ہے کہ گفتگو (معاذ اللہ) کسی اپنی غرض سے نہیں بلکہ دعوتِ دین کے حوالہ سے ہو رہی تھی اور حضور ﷺ کا التفات اُن کی جانب تھا —— اس دوران درویش صحابہ میں سے ایک نابینا صحابی حضرت عبداللہ بن اُمّ مکتوم ؓ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور بار بار آپ کی توجّہ اپنی جانب مبذول کرانے کی کوشش کی‘ جس سے آپ کو ناگواری کا احساس ہوا اور آپ کی پیشانی پر بل پڑ گئے۔ دیکھا جائے تو یہ معاملہ ہر اعتبار سے بجا (justified) تھا کہ میں مصروف ہوں اور یہ دخل اندازی کر رہے ہیں۔ اس میں کوئی گناہ والی بات نہیں تھی‘ لیکن دیکھنے والوں کو بہرحال ایک اندیشہ اور گمان ہو سکتا تھا۔ یہ ہے وہ بات جس پر بظاہر کچھ گرفت ہوئی —— اسی طرح کا مضمون سورۃ الکہف کی آیت ۲۸ میں بھی بیان ہوا تھا: ﴿وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ﴾ ’’آپؐ اپنے آپ کو روکے رکھیے ان لوگوں کے ساتھ جو صبح و شام اپنے پروردگار کو پکارتے ہیں اور اس کی خوشنودی کے طالب ہیں اور آپ کی نگاہیں ان سے ہٹنے نہ پائیں۔ کیا آپؐ بھی دنیا کی زندگی کے طالب ہو گئے ہیں!‘‘ معاذ اللہ‘ اس کا کوئی امکان نہیں ہے کہ آپؐ کی یہ کیفیت ہو‘ لیکن دیکھنے والوں کو تو ایسا گمان ہو سکتا ہے‘ اس لیے کچھ گرفت ہوئی —— سورۂ عبس میں اس حوالے سے فرمایا:

عَبَسَ وَتَوَلّٰٓى ۝ اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰى ۝ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّهٗ يَزَّكّٰٓى ۝ اَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰى ۝ اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰى ۝ فَاَنْتَ لَهٗ تَصَدّٰى ۝ وَمَا عَلَيْكَ اَلَّا يَزَّكّٰى ۝ وَاَمَّا مَنْ جَآءَكَ يَسْعٰى ۝ وَهُوَ يَخْشٰى ۝ فَاَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰى ۝

’’(محمد ﷺ نے) تیوری پر بل ڈالے اور رخ موڑ لیا‘ جبکہ ان کے پاس آیا ایک نابینا۔ اور آپ کو کیا معلوم کہ (اگر آپ اس کی طرف التفات کرتے تو) شاید اس کو تزکیہ حاصل ہو جاتا‘ یا آپ اسے سمجھاتے تو سمجھانا اسے فائدہ دیتا۔ جو استغنا دکھا رہا ہے (اور آپ کی دعوت کی جانب متوجہ نہیں ہو رہا) اس کی طرف آپ متوجہ ہیں‘ حالانکہ اگر وہ تزکیہ اخذ نہ کر سکے تو آپ پر کوئی الزام نہیں۔ اور جو آپ کے پاس دوڑ کر آیا‘ اور اس کے دل میں اللہ کا خوف ہے‘ اُس سے آپ غفلت برت رہے ہیں!‘‘

روایات میں آتا ہے کہ اس کے بعد جب بھی حضرت عبداللہ بن اُم مکتوم آپ ﷺ کے پاس تشریف لاتے تو آپؐ اُن پر بہت شفقت فرماتے اور کہتے: ((مَرْحَبًا بِمَنْ عَاتَبَنِيْ فِيْهِ رَبِّيْ)) ’’خوش آمدید اُس شخص کو جس کے حوالے سے میرے رب نے مجھے عتاب فرمایا!‘‘ پھر پوچھتے: هَلْ لَكَ مِنْ حَاجَة ’’کوئی کام ہے تو بتاؤ!‘‘

اس کے بعد کی آیات بہت اہم ہیں۔ آیت ۱۱ اور ۱۲ میں تو اللہ تعالیٰ کی شانِ استغنا کا بیان ہے۔ فرمایا گیا:

﴿كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ﴿۱۱﴾ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهُ ﴿۱۲﴾﴾ ''(اے نبی ﷺ!) یہ (قرآن) تو ایک نصیحت (یاددہانی) ہے۔ پس جو چاہے اس نصیحت (یاددہانی) سے فائدہ اٹھائے''۔ یعنی جو چاہتا ہے اس سے فائدہ اٹھالے یہ اس کے نفع اور بھلے کی بات ہے اور اگر کوئی روگردانی کرتا ہے تو آپ اپنے آپ کو اس کے پیچھے ہلکان نہ کیجیے۔ اگلی آیات میں قرآن کی شان اور عظمت کو بیان کیا گیا ہے۔ فرمایا:

فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ۙ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ۙ بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ ۙ كِرَامٍۢ بَرَرَةٍ ؕ

''(یہ بڑی قدر و منزلت والی کتاب) بہت باعزت صحیفوں میں درج ہے' جو (اپنی شان میں) بہت بلند و بالا اور پاکیزہ ہیں' معزز اور نیکوکار کاتبوں کے ہاتھوں میں رہتے ہیں۔''

سورۃ کے آخر میں قیامت کا نقشہ لرزہ طاری کر دینے والے انداز میں یوں کھینچا گیا ہے جسے ہم عام الفاظ میں کہتے ہیں کہ اس وقت نفسا نفسی کا عالم ہوگا اور ہر انسان کو اپنی پڑی ہوگی' نہ کوئی بیٹا باپ کے کام آئے گا اور نہ باپ بیٹے کے۔ فرمایا گیا:

فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ ۚ يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ۙ وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ ۙ وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِ ؕ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِ ؕ

''جب وہ کٹھن گھڑی آئے گی' تو اس دن انسان دور بھاگے گا اپنے بھائی سے' اپنے ماں باپ سے' اپنی بیوی اور اپنے بیٹوں سے۔ اُس دن ہر ایک کو اپنی پڑی ہوگی' کسی اور کی طرف اس کا دھیان ہی نہیں جائے گا۔''

سورۃ کی آخری پانچ آیات میں بتایا گیا ہے کہ قیامت کے دن تمام بنی نوع انسان ربّ العالمین کے سامنے فیصلے کے انتظار میں کھڑے ہوں گے' جبکہ فیصلہ اور نتیجہ ان کے اپنے چہروں سے عیاں ہو رہا ہوگا۔ یوں سمجھ لیں جیسے سکول میں نتیجہ سنائے جانے کے دن اکثر بچوں کے چہروں کے تاثرات سے ان کا نتیجہ عیاں ہو رہا ہوتا ہے' اسی طرح قیامت کے دن بھی چہروں کے تاثرات سے ہر شخص کا اندازہ ہو جائے گا۔ اس حوالے سے فرمایا:

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ۙ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ۚ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ۙ تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ ؕ

''اور کتنے ہی چہرے اُس روز (نورِ ایمان سے) چمک رہے ہوں گے' خنداں و شاداں ہوں گے اور کتنے ہی چہرے ہوں گے جن پر گرد پڑ رہی ہوگی (اور) سیاہی چڑھ رہی ہوگی۔ یہ وہ ہوں گے جو کُفّار اور بدکردار تھے۔''

سُورۃُ التَّکوِیر

سورۃ التکویر اور سورۃ الانفطار دونوں جوڑے کی شکل میں ہیں اور ان کے مضامین بھی تقریباً ایک جیسے ہیں۔ دونوں کے آغاز میں قیامت کا نقشہ کھینچا گیا ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ سورۃ الانفطار کی نسبت سورۃ التکویر میں یہ نقشہ ذرا تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ اس کے بعد دونوں سورتوں میں ایک ہی مضمون آیا ہے۔ سورۃ التکویر میں فرمایا: ﴿عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّآ اَحْضَرَتْ ﴿۱۴﴾﴾ ''اس روز انسان کو معلوم ہو جائے گا کہ اس نے کیا آگے بھیجا ہے!'' جبکہ سورۃ الانفطار میں فرمایا گیا: ﴿عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ وَاَخَّرَتْ ﴿۵﴾﴾ ''اُس روز ہر انسان کو معلوم

ہو جائے گا کہ کیا اس نے آگے بھیجا اور کیا پیچھے چھوڑا!‘‘

سورۃ التکویر کی اگلی آیات میں وہ مضمون آ رہا ہے جو سورۃ النجم کی ابتدائی آیات میں بیان ہوا ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ وہاں پہلے حضور ﷺ کا ذکر تھا‘ بعد میں حضرت جبرائیل کا‘ اور یہاں حضرت جبرائیل کا ذکر پہلے آیا ہے اور حضور ﷺ کا بعد میں۔ جیسے حدیثِ نبوی میں ہم دیکھا کرتے ہیں کہ اس حدیث کے راوی کون ہیں اور ان کی آپس میں ملاقات بھی ثابت ہے کہ نہیں‘ اسی طرح یہ قرآن ’’حدیثُ اللہ‘‘ ــــ ﴿فَبِاَیِّ حَدِیۡثٍۭ بَعۡدَہٗ یُؤۡمِنُوۡنَ﴾ ــــ ہے۔ اس کے راویٔ اول حضرت جبرائیل علیہ السلام ہیں اور راویٔ دوم حضرت محمد ﷺ۔ اب ان دونوں راویوں نے ایک دوسرے سے ملاقات بھی کی ہے یا نہیں؟ ــــ یہ مضمون سورۃ النجم میں آیا تھا اور اب یہاں سورۃ التکویر میں اس کا اعادہ ہو رہا ہے۔ یہاں چار قسموں کے بعد فرمایا گیا:

اِنَّہٗ لَقَوۡلُ رَسُوۡلٍ کَرِیۡمٍ ۙ﴿۱۹﴾ ذِیۡ قُوَّۃٍ عِنۡدَ ذِی الۡعَرۡشِ مَکِیۡنٍ ﴿ۙ۲۰﴾ مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِیۡنٍ ﴿ؕ۲۱﴾ وَ مَا صَاحِبُکُمۡ بِمَجۡنُوۡنٍ ﴿ۚ۲۲﴾ وَ لَقَدۡ رَاٰہُ بِالۡاُفُقِ الۡمُبِیۡنِ ﴿ۚ۲۳﴾ وَ مَا ہُوَ عَلَی الۡغَیۡبِ بِضَنِیۡنٍ ﴿ۚ۲۴﴾ وَ مَا ہُوَ بِقَوۡلِ شَیۡطٰنٍ رَّجِیۡمٍ ﴿ۙ۲۵﴾ فَاَیۡنَ تَذۡہَبُوۡنَ ﴿ؕ۲۶﴾ اِنۡ ہُوَ اِلَّا ذِکۡرٌ لِّلۡعٰلَمِیۡنَ ﴿ۙ۲۷﴾ لِمَنۡ شَآءَ مِنۡکُمۡ اَنۡ یَّسۡتَقِیۡمَ ﴿ؕ۲۸﴾

’’بے شک یہ (قرآن) فرشتہ عالی مقام کی زبان کا پیغام ہے۔ جو صاحب قوت‘ مالک عرش کے ہاں اونچے درجے والا سردار اور امانت دار ہے۔ اور (اے مکے والو!) تمہارے رفیق (یعنی محمد ﷺ) دیوانے نہیں ہیں۔ انہوں نے اس (جبرائیلؑ) کو افق مبین پر (ان کی اصلی شکل میں) دیکھا ہے۔ اور وہ پوشیدہ باتوں کو ظاہر کرنے میں بخیل نہیں ہیں۔ اور یہ شیطان مردود کا کلام نہیں ہے۔ تو تم کدھر جا رہے ہو؟ یہ تو تمام جہان والوں کے لیے ایک یاددہانی ہے۔ جو بھی تم میں سے چاہے سیدھی راہ اختیار کرے۔‘‘

اس سورۃ کی آخری آیت میں مشیت الٰہی سے متعلق وہی مضمون دہرایا گیا ہے جو اس سے پہلے سورۃ المدثر ــــ ﴿وَ مَا یَذۡکُرُوۡنَ اِلَّاۤ اَنۡ یَّشَآءَ اللّٰہُ﴾ (آیت ۵۶) ’’اور نصیحت بھی تبھی حاصل کریں گے جب اللہ چاہے‘‘ ــــ اور سورۃ الدہر ــــ ﴿وَ مَا تَشَآءُوۡنَ اِلَّاۤ اَنۡ یَّشَآءَ اللّٰہُ﴾ (آیت ۳۰) ’’اور تم کچھ بھی نہیں چاہ سکتے مگر جو اللہ کو منظور ہو‘‘ ــــ میں بیان ہوا ہے‘ جبکہ سورۃ التکویر کی آخری آیت میں اس حوالے سے فرمایا گیا: ﴿وَ مَا تَشَآءُوۡنَ اِلَّاۤ اَنۡ یَّشَآءَ اللّٰہُ رَبُّ الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۲۹﴾﴾ ’’اور تم کچھ بھی نہیں چاہ سکتے مگر وہی جو تمام جہانوں کا پروردگار چاہے!‘‘

سُورۃُ الانفِطَار

جیسا کہ قبل ازیں بیان ہو گیا کہ سورۃ الانفطار کی ابتدائی آیات میں قیامت اور اس دن پیش آنے والے واقعات کا ذکر ہے‘ لیکن اس کا مرکزی مضمون آیت ۶ میں بیان ہوا ہے۔ فرمایا: ﴿یٰۤاَیُّہَا الۡاِنۡسَانُ مَا غَرَّکَ بِرَبِّکَ الۡکَرِیۡمِ ۙ﴿۶﴾﴾ ’’اے انسان! تجھے اپنے ربّ کریم کے بارے میں کس چیز نے دھوکہ میں ڈالا ہوا ہے؟‘‘ ــــ اس سورت کے مرکزی مضمون کے حوالے سے یہ سمجھ لیجیے کہ ہمارے ہاں گمراہی کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ لوگ اللہ تعالیٰ کی شانِ غفّاری کو ذہنی سہارا بنا کر گناہوں پر جری ہو جاتے ہیں۔ اللہ کی رحمت کی اس قدر امید کہ اُس کی پکڑ

کا خوف نہ رہے‘ یہ ہمارے ہاں گمراہی کی ایک بہت بڑی صورت ہے۔ ہونا یہ چاہیے کہ انسان میں بین الخوف والرّجاء کی کیفیت برقرار رہے۔ اللہ کی پکڑ کا خوف بھی دل میں ہو اور اس کی رحمت کی امید بھی ہو۔ اگر یہ دونوں کیفیات بیک وقت ہوں اور متوازی بھی ہوں تو انسان کا طرزِ عمل درست ہے‘ لیکن اگر اس کی رحمت اور شانِ غفاری کے حوالے سے دھوکہ کھا گئے —— جیسے سورۃ الحدید میں فرمایا: ﴿وَغَرَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿۱۴﴾﴾ ”اور تم کو دھوکہ دیا اللہ کے بارے میں بڑے دھوکہ باز (شیطان) نے“—— تو یاد رکھو کہ وہ انتقام لینے والا اور سزا دینے والا بھی ہے۔ اس لیے آگے آیات میں فرمایا:

كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّيْنِ ۙ وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ ۙ كِرَامًا كَاتِبِيْنَ ۙ يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ۝ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ۚ وَاِنَّ الْفُجَّارَ لَفِيْ جَحِيْمٍ ۚ

”ہرگز نہیں‘ بلکہ تم لوگ تو جزا کے دن کو جھٹلاتے ہو۔ حالانکہ تم پر نگہبان مقرر ہیں۔ عالی قدر (اور تمہارے اعمال کو) لکھنے والے۔ جو کچھ تم کرتے ہو وہ اسے جانتے ہیں۔ بے شک نیک لوگ جنت میں‘ اور گناہ گار لوگ دوزخ میں ہوں گے۔“

سُورۃُ الْمُطَفِّفِیْن

سورۃ المطفّفین اور سورۃ الانشقاق بھی ایک جوڑے کی شکل میں ہیں —— ’طف‘ عربی زبان میں بہت ہی حقیر چیز کو کہا جاتا ہے اور مطففین کا مطلب ہے بہت ہی حقیر چیز کے لیے دھوکہ دینے والے —— کم تولنا بھی ایک دھوکہ ہے جس میں انسان معمولی سی چیز کے لیے اپنا ایمان فروخت کر دیتا ہے۔ اس کے بارے میں فرمایا جا رہا ہے:

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ ۙ الَّذِيْنَ اِذَا اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُوْنَ ۖ وَاِذَا كَالُوْهُمْ اَوْ وَّزَنُوْهُمْ يُخْسِرُوْنَ ۗ اَلَا يَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ ۙ لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ ۙ يَّوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۗ

”ہلاکت ہے گھٹانے والوں کے لیے۔ جو لوگوں سے ناپ تول کر لیتے ہیں تو پورا پورا لیتے ہیں‘ اور جب ناپ کر یا تول کر دیتے ہیں تو گھٹا کر دیتے ہیں۔ کیا انہیں گمان نہیں کہ ایک دن انہیں اٹھایا جائے گا! وہ بہت بڑا دن ہے‘ جس دن لوگ اپنے رب کے سامنے حاضر ہوں گے۔“

جیسا کہ میں نے عرض کیا تھا کہ ان سورتوں کی بعض آیات قرآن مجید کے فلسفہ وحکمت کے اعتبار سے بہت اہم ہیں‘ اس سورۃ میں بھی قرآن مجید کے فلسفہ وحکمت کے اعتبار سے دو مقام بہت اہم ہیں۔ پہلا مقام ہے:

اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۗ كَلَّا بَلْ ۜ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝

”جب اس کو ہماری آیات سنائی جاتی ہیں تو کہتا ہے یہ تو پہلے لوگوں کے افسانے ہیں۔ ہرگز نہیں! بلکہ ان کی بداعمالیوں کی وجہ سے ان کے دل زنگ آلود ہو چکے ہیں۔“

انسانی جسم میں دل بہت اہمیت کا حامل ہے اور اس میں معرفتِ خداوندی مضمر ہے۔ یہ گویا آئینہ جہاں نما

ہے‘ لیکن اس پر انسان کے برے اعمال کی وجہ سے داغ دھبے پڑتے رہتے ہیں۔ جیسا کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ جب انسان کوئی برا کام کرتا ہے تو اس کے دل پر ایک داغ لگ جاتا ہے۔ اگر وہ توبہ کر لے تو وہ داغ مٹ جاتا ہے اور اگر توبہ نہ کرے اور گناہ کرتا رہے تو اسی طرح داغ پڑتے پڑتے دل پوری طرح زنگ آلود ہوتا ہے اور بند مٹھی کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔ آئینہ قلب کے جلاء وصیقل کا ذریعہ تلاوت قرآن مجید ہے۔ اس حوالے سے ایک حدیث ملاحظہ ہو۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((اِنَّ هٰذِهِ الْقُلُوْبَ تَصْدَأُ كَمَا يَصْدَأُ الْحَدِيْدُ اِذَا اَصَابَهُ الْمَاءُ)) قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا جِلَاءُ هَا؟ قَالَ :((كَثْرَةُ ذِكْرِ الْمَوْتِ وَتِلَاوَةُ الْقُرْآنِ)) (رواہ البیھقی)

’’بنی آدم کے قلوب بھی اسی طرح زنگ آلود ہو جاتے ہیں جیسے لوہا پانی پڑنے سے!‘‘ دریافت کیا گیا: یارسول اللہ! اس زنگ کو دُور کس چیز سے کیا جائے؟ فرمایا: ’’موت کی بکثرت یاد اور قرآن مجید کی تلاوت!‘‘

قرآن مجید کے فلسفے اور حکمت کے حوالے سے اس سورۃ کا دوسرا اہم مقام آیت ۲۶ ہے۔ ماقبل آیات میں جنت کی نعمتوں کا ذکر کرنے کے بعد اس آیت میں فرمایا: ﴿وَفِيْ ذٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ ﴿۲۶﴾﴾ ’’تو (جنت کی ان نعمتوں کے) شائقین کو چاہیے کہ اس کی رغبت کریں‘‘۔ تنافس کہتے ہیں ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کو۔ یہاں فرمایا گیا کہ جنت کی نعمتوں کے حصول کے لیے ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرو‘ جبکہ ہمارا حال یہ ہے کہ ہم دولت‘ شہرت‘ عزت‘ وجاہت اور اقتدار میں ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کی کوشش کرتے ہیں۔

سورۃ کی آخری آیات جزا وسزا کے حوالے سے مؤمنین کے لیے بہت امید افروز اور حوصلہ افزا ہیں۔ ارشاد ہوا:

اِنَّ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا كَانُوْا مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَضْحَكُوْنَ ﴿۲۹﴾ وَاِذَا مَرُّوْا بِهِمْ يَتَغَامَزُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَاِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمُ انْقَلَبُوْا فَكِهِيْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِذَا رَاَوْهُمْ قَالُوْٓا اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَضَآلُّوْنَ ﴿۳۲﴾ وَمَآ اُرْسِلُوْا عَلَيْهِمْ حٰفِظِيْنَ ﴿۳۳﴾ فَالْيَوْمَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُوْنَ ﴿۳۴﴾ عَلَى الْاَرَآئِكِ يَنْظُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۶﴾

’’جو گنہگار (یعنی کفار) ہیں وہ (دنیا میں) مؤمنوں سے ہنسی کیا کرتے تھے۔ اور جب ان کے پاس سے گزرتے تو حقارت سے اشارے کرتے۔ اور جب اپنے گھر کو لوٹتے تو اتراتے ہوئے لوٹتے۔ اور جب ان (مؤمنوں) کو دیکھتے تو کہتے کہ یہی تو گمراہ ہیں۔ حالانکہ وہ ان پر نگران بنا کر نہیں بھیجے گئے تھے۔ تو آج مؤمن کافروں سے ہنسی کریں گے۔ (اور) تختوں پر (بیٹھے ہوئے ان کا حال) دیکھ رہے ہوں گے۔ تو کیا کافروں کو ان کے اعمال کا (پورا پورا) بدلہ مل گیا!‘‘

سُورۃُ الْاِنْشِقَاق

سورۃ المطففین کی طرح اس سورۃ میں بھی قرآن مجید کے فلسفہ وحکمت کے اعتبار سے ایک بڑی عظیم آیت آئی ہے۔ سورۃ کی ابتدا میں چند قسموں کے ذکر کے بعد آگے فرمایا:

يٰٓاَيُّهَا الْاِنْسَانُ اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ۝

''اے انسان! تم کو دکھ سہتے ہوئے بالآخر اپنے رب کے حضور پہنچ جانا ہے۔''

فلسفہ کے اعتبار سے یہ بہت عظیم آیت ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اس دنیا میں انسان کو بے پناہ دکھ اٹھانے پڑتے ہیں۔ چنانچہ بدھ مت کا فلسفہ یہ ہے کہ ''سر دکھم'' یعنی اس دنیا میں دکھ ہی دکھ ہیں۔ یہ تو اللہ تعالیٰ نے انسان کے اندر بھولنے کا مادہ رکھا ہے' جو ایک safety valve ہے کہ کچھ وقت کے بعد وہ یہ دکھ بھول جاتا ہے' ورنہ یہ صدمات انسان کے لیے سوہانِ روح بن جائیں۔ دوسری طرف یہ صدمات اور تکلیفیں حیوان بھی برداشت کرتے ہیں' لیکن انسان کا معاملہ حیوانات سے مختلف ہے اور انسانوں کو ان تمام مصائب اور تکالیف کو برداشت کرنے کے بعد ایک دن اپنے رب کے سامنے محاسبہ کے لیے بھی کھڑا ہونا ہے۔ چنانچہ اس دن کے حوالے سے فرمایا:

فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۝ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا ۝ وَّيَنْقَلِبُ اِلٰٓى اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ۝

''اُس دن جس کا نامہ اعمال اس کے دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا' تو اُس کا حساب کتاب آسان ہوگا' اور وہ لوٹے گا اپنے گھر والوں کے پاس بہت مسرور و شادمان ہو کر!''

''حساب یسیر'' کے بارے میں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ ربّ العالمین کے سامنے پیشی ہوگی اور بس سرسری سا حساب ہوگا۔ اس لیے دعا کرتے رہنا چاہیے: اَللّٰھُمَّ حَاسِبْنَا حِسَابًا یَّسِیْرًا ''اے اللہ! ہم سے آسان حساب لینا!'' آگے فرمایا:

وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهْرِهٖ ۝ فَسَوْفَ يَدْعُوْا ثُبُوْرًا ۝ وَّيَصْلٰى سَعِيْرًا ۝ اِنَّهٗ كَانَ فِيْٓ اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ۝ اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ ۝

''اور جس کا نامہ اعمال اس کی پیٹھ کے پیچھے سے تھمایا جائے گا' وہ تو موت کی خواہش کرے گا۔ (لیکن موت نہیں آئے گی) اور وہ جہنم میں ڈالا جائے گا۔ یہ اپنے اہل وعیال میں بہت مسرور رہتا تھا' اور خیال کرتا تھا کہ اُس کو کبھی (اللہ کی طرف) لوٹنا نہ ہوگا۔''

غور کیجیے کہ جس کا نامہ اعمال دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا وہ وہاں اپنے اہل وعیال کے پاس خوش ہو کر آئے گا' جبکہ یہ شخص جس کو بائیں ہاتھ میں نامہ اعمال ملا ہے یہ دنیا میں اپنے گھر والوں کے ساتھ عیاشیاں کر آیا ہے' اس لیے اب اس کے لیے جہنم ہے۔ اعاذنا اللّٰہ من ذٰلک!

سُورۃ البُرُوْج

اگلا جوڑا سورۃ البروج اور سورۃ الطارق کا ہے۔ سورۃ البروج میں بدترین تعذیب و تشدّد کا ایک تاریخی واقعہ ذکر کیا گیا ہے' جس میں ایک مشرک بادشاہ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر ایمان لانے والے کچھ لوگوں کو آگ میں جلا دیا تھا۔ ان کا قصور بس یہی تھا کہ وہ اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے تھے۔ سورۃ المؤمن میں بھی ہم نے مؤمن آلِ فرعون کا یہ قول پڑھا تھا: ﴿اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ﴾ (آیت ۲۸) ''کیا تم ایک شخص کو قتل کرنا چاہتے

ہو صرف اس وجہ سے کہ وہ کہتا ہے کہ میرا پروردگار اللہ ہے!‘‘— فرمایا:

قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ۙ النَّارِ ذَاتِ الْوَقُوْدِ ۙ اِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُوْدٌ ۙ وَّهُمْ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ شُهُوْدٌ ؕ وَمَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّآ اَنْ يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۙ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ؕ

’’خندقوں (کے کھودنے) والے ہلاک کر دیے گئے۔ (یعنی) آگ (کی خندقیں) جن میں ایندھن (جھونک رکھا) تھا۔ جبکہ وہ ان (کے کناروں) پر بیٹھے ہوئے تھے۔ اور جو (سختیاں) اہلِ ایمان پر کر رہے تھے ان کو سامنے دیکھ رہے تھے اور ان مؤمنوں سے ان کی دشمنی اس کے سوا کسی اور وجہ سے نہ تھی کہ وہ اللہ پر ایمان لے آئے تھے جو غالب اور قابل ستائش ہے۔ جس کی آسمانوں اور زمین میں بادشاہت ہے اور اللہ سب کچھ دیکھ رہا ہے۔‘‘

سُورۃُ الطَّارِق

سورۃ الطارق کی ابتدا بھی قسموں سے ہو رہی ہے۔ رات کو نمودار ہونے والے روشن تارے کی قسم کھا کر فرمایا: ﴿اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۝﴾ ’’کوئی جان ایسی نہیں ہے جس پر کوئی نگہبان نہیں ہے!‘‘ پھر انسان کو اس کی اپنی پیدائش پر غور کرنے کو کہا گیا ہے۔ فرمایا:

فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ؕ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ۙ يَّخْرُجُ مِنْۢ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ؕ اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ؕ

’’پس انسان کو دیکھنا چاہیے کہ وہ کس چیز سے پیدا ہوا ہے۔ وہ ایک اچھلنے والے پانی سے پیدا ہوا ہے‘ جو پیٹھ اور سینے کی ہڈیوں کے درمیان سے نکلتا ہے۔ بے شک اللہ اس کو دوبارہ پیدا کرنے پر بھی قادر ہے۔‘‘

آگے آسمان اور زمین کی قسم کھا کر قرآن مجید کی حقانیت کو بیان کیا جا رہا ہے۔ فرمایا:

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ۙ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ۙ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ۙ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ؕ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۙ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۚ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۧ

’’آسمان کی قسم جو بارش برساتا ہے‘ اور زمین کی قسم جو پھٹ جاتی (یعنی فصل اگاتی) ہے‘ یقیناً یہ قرآن قولِ فیصل (حق کو باطل سے جدا کرنے والا بن کر نازل ہوا) ہے۔ اور یہ بے ہودہ بات نہیں۔ یہ لوگ اپنی چال چل رہے ہیں‘ اور میں بھی اپنی تدبیر کر رہا ہوں۔ تو (اے نبی ﷺ!) آپ ان کافروں کو بس چند روز کی مہلت دیں!‘‘

یعنی اس وقت اللہ تعالیٰ نے ان کی رسّی دراز کی ہوئی ہے‘ لیکن اس کے بعد عنقریب یہ شکنجے میں کسے جانے والے ہیں۔ فَاعْتَبِرُوْا يٰٓاُولِي الْاَبْصَارِ!

❁❁❁

ترجمۂ قرآن مجید

مع صرفی و نحوی تشریح

افادات: حافظ احمد یار مرحوم

ترتیب وتدوین: لطف الرحمٰن خان

سورۃ النساء

آیات ۱۳۵ تا ۱۳۹

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ
وَالْاَقْرَبِيْنَ ۚ اِنْ يَّكُنْ غَنِيًّا اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا ۣ فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰٓى اَنْ تَعْدِلُوْا ۚ
وَاِنْ تَلْوٗٓا اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ
وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ
بِاللّٰهِ وَمَلٰۗىِٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ
سَبِيْلًا ۝ بَشِّرِ الْمُنٰفِقِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمَا ۝ ۙ الَّذِيْنَ يَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَاۗءَ مِنْ
دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ اَيَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۝

ترکیب: ''كُوْنُوْا'' کا اسم اس میں ''اَنْتُمْ'' کی ضمیر ہے۔ ''قَوّٰمِيْنَ'' اور ''شُهَدَآءَ'' دونوں اس کی خبر ہیں۔ ''عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ'' کا مبتدأ اور خبر دونوں محذوف ہیں۔ پورا جملہ کچھ اس طرح ہوتا ''وَلَوْ هُوَ صَوْبٌ عَلٰى اَنْفُسِكُمْ''۔ ''اَلْوَالِدَيْنِ'' اور ''اَلْاَقْرَبِيْنَ'' عَلٰى'' پر عطف ہونے کی وجہ سے حالت جر میں ہیں۔ لفظ ''اَوْلٰى'' افعل تفضیل ہے۔ ''بِهِمَا'' میں تثنیہ کی ضمیر ''اَلْوَالِدَيْنِ'' اور ''اَلْاَقْرَبِيْنَ'' کے لیے ہے۔ ''تَلْوٗا'' کا مفعول ''اَلْسِنَتَكُمْ'' محذوف ہے۔ ''لِلّٰهِ جَمِيْعًا'' میں لفظ ''اَللّٰه'' پر لام تملیک ہے۔

ترجمہ:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ	:اے لوگو جو
كُوْنُوْا	:تم ہو جاؤ
بِالْقِسْطِ	:انصاف کی
لِلّٰهِ	:اللہ کے لیے
عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ	:تمہارے اپنے آپ پر
وَالْاَقْرَبِيْنَ	:اور قرابت داروں پر
غَنِيًّا	:مالدار
فَاللّٰهُ	:تو اللہ
بِهِمَا	:ان دونوں کا
الْهَوٰٓى	:خواہش کی
تَعْدِلُوْا	:انصاف (نہ) کرو
تَلْوٗٓا	:تم مروڑتے ہو (زبانوں کو)
تُعْرِضُوْا	:بے رخی کرتے ہو
كَانَ	:ہے
تَعْمَلُوْنَ	:تم لوگ کرتے ہو
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ	:اے لوگو جو
اٰمِنُوْا	:تم ایمان لاؤ
وَرَسُوْلِهٖ	:اور اس کے رسولوں پر
نَزَّلَ	:اس نے بتدریج اتاری
وَالْكِتٰبِ الَّذِيْٓ	:اور اس کتاب پر جو
مِنْ قَبْلُ	:اس سے پہلے
يَّكْفُرْ	:انکار کرے گا
وَمَلٰٓئِكَتِهٖ	:اور اس کے فرشتوں کا
وَرُسُلِهٖ	:اور اس کے رسولوں کا
فَقَدْ ضَلَّ	:تو وہ گمراہ ہوا ہے
اِنَّ الَّذِيْنَ	:بے شک جو لوگ
ثُمَّ	:پھر

اٰمَنُوْا	:ایمان لائے ہو
قَوّٰمِيْنَ	:بہت زیادہ نگرانی کرنے والے
شُهَدَآءَ	:(اور) گواہی دینے والے
وَلَوْ	:اور اگرچہ (وہ پڑے)
اَوِالْوَالِدَيْنِ	:یا والدین پر
اِنْ يَّكُنْ	:اگر وہ ہوں
اَوْ فَقِيْرًا	:یا محتاج
اَوْلٰى	:زیادہ حمایتی ہے
فَلَا تَتَّبِعُوا	:پس تم پیروی مت کرو
اَنْ	:کہ
وَاِنْ	:اور اگر
اَوْ	:یا
فَاِنَّ اللّٰهَ	:تو یقیناً اللہ
بِمَا	:اس سے جو
خَبِيْرًا	:باخبر
اٰمِنُوْٓا	:ایمان لائے ہو
بِاللّٰهِ	:اللہ پر
وَالْكِتٰبِ الَّذِيْ	:اور اس کتاب پر جو
عَلٰى رَسُوْلِهٖ	:اپنے رسول پر
اَنْزَلَ	:اتاری
وَمَنْ	:اور جو
بِاللّٰهِ	:اللہ کا
وَكُتُبِهٖ	:اور اس کی کتابوں کا
وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	:اور آخری دن کا
ضَلٰلًا بَعِيْدًا	:دور کی گمراہی میں
اٰمَنُوْا	:ایمان لائے
كَفَرُوْا	:انہوں نے کفر کیا

ثُمَّ اٰمَنُوْا : پھر ایمان لائے	ثُمَّ كَفَرُوْا : پھر کفر کیا
ثُمَّ : پھر	ازْدَادُوْا : وہ زیادہ ہوئے
كُفْرًا : بلحاظ کفر کے	لَّمْ يَكُنِ : تو ہرگز نہیں ہے
اللّٰهُ : اللہ	لِيَغْفِرَ : کہ وہ معاف کرے
لَهُمْ : ان کو	وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ : اور نہ (یہ) کہ وہ ہدایت دے ان کو
سَبِيْلًا : راستے کی	بَشِّرِ : آپؐ بشارت دیجیے
الْمُنٰفِقِيْنَ : منافقوں کو	بِاَنَّ : اس کی کہ
لَهُمْ : ان کے لیے	عَذَابًا اَلِيْمًا : ایک دردناک عذاب ہے
الَّذِيْنَ : (یہ) وہ لوگ (ہیں) جو	يَتَّخِذُوْنَ : بناتے ہیں
الْكٰفِرِيْنَ : کافروں کو	اَوْلِيَآءَ : کارساز
مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ : مؤمنوں کے علاوہ	اَ : کیا
يَبْتَغُوْنَ : یہ لوگ تلاش کرتے ہیں	عِنْدَهُمُ : ان کے پاس
الْعِزَّةَ : عزت کو	فَاِنَّ الْعِزَّةَ : تو یقیناً عزت تو
لِلّٰهِ : اللہ ہی کی ملکیت ہے	جَمِيْعًا : کل کی کل

نوٹ ۱ : آیت ۱۳۵ میں اللہ تعالیٰ کا حکم بہت واضح ہے۔ اس میں یہ نہیں کہا ہے کہ انصاف کرو بلکہ یہ حکم دیا ہے کہ انصاف کی نگہبانی کرنے والے بنو۔ اس طرزِ کلام سے یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ انصاف کرنے کا اختیار تو معاشرے میں چند افراد کو حاصل ہوتا ہے اور انصاف کرنا ان کا فرض ہے' البتہ انصاف کی نگہبانی کرنا معاشرے کے ہر فرد پر فرض ہے۔ اس لیے کسی بھی شخص کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ حق بات کہنے اور حق کی گواہی دینے سے گریز کرے' خواہ اس کے نتیجے میں اپنا نقصان ہوتا ہو یا والدین اور رشتہ داروں کا نقصان ہوتا ہو' مزید یہ کہ اس فرض کی ادائیگی میں نہ تو کسی مالدار کی کوئی رعایت کرے اور نہ کسی غریب پر ترس کھائے۔

ہم لوگ اپنے رب کے اس حکم کے ساتھ جو سلوک کر رہے ہیں اس کے متعلق کچھ کہنے کی ضرورت نہیں ہے' کیونکہ ہر شخص کو اس کا مشاہدہ اور تجربہ ہے۔

نوٹ ۲ : آیت ۱۳۶ میں جو لوگ ایمان لا چکے ہیں' انہیں حکم دیا جا رہا ہے کہ تم لوگ ایمان لاؤ۔ یہ دراصل اقرار باللسان اور تصدیق بالقلب کی بات ہے۔ اس لیے کہ ایک شخص جب دین کی مبادیات کا زبان سے اقرار کر لیتا ہے تو وہ اہل ایمان کے زمرے میں شامل ہو جاتا ہے۔ اب اس سے اللہ تعالیٰ کا مطالبہ یہ ہے کہ جن باتوں کا زبان سے اقرار کیا ہے' ان پر اب دلی یقین کی کیفیت بھی پیدا کرو۔ اس حکم کی اہمیت کو سمجھ لیں۔

اس دنیا میں کسی کے مسلمان ہونے یا نہ ہونے کا فیصلہ صرف زبانی اقرار کی بنیاد پر ہوگا' کیونکہ دلی یقین کو

(۱۴) مولانا محمد تقی عثمانی، علوم القرآن، طبع جدید مکتبہ دارالعلوم کراچی ۲۰۰۵ء، ص ۱۰۱، ۱۱۰۔ تقی عثمانی کے ہاں سات سے مراد محض کثرت نہیں بلکہ عدد مراد ہیں اور آپ ﷺ پر حضرت جبرائیلؑ کی آمد اور ربّ العزت سے آپ ﷺ کی معذرت اور مغفرت کے بعد ایک حرف سے سات حرف کی منظوری قراءت سے متعلق ہے۔ انہوں نے یہ دونوں احادیث بخاری و مسلم، محمد عبدالعظیم الزرقانی کی کتاب ''مناہل العرفان فی علوم القرآن'' کے حوالے سے بیان کی ہیں۔

(۱۵) امام بدرالدین زرکشی، البرہان فی علوم القرآن، دارالکتاب العلمیہ بیروت ۱۹۹۸ء۔ یہ کتاب دو جلدوں اور چار اجزاء پر مشتمل ہے اور علوم القرآن پر مفید بحث موجود ہے۔

(۱۶) علامہ جلال الدین سیوطی، الاتقان فی علوم القرآن، دارالکتاب العربیہ بیروت ۲۰۰۷ء، ص ۳۵۔

(۱۷) ابن ندیم، الفہرست، مطبعہ رحمانیہ مصر، ص ۵۵، جبکہ سیوطی نے الاتقان کے مقدمہ میں اسے بیان کیا ہے۔

(۱۸) ابن الجوزی، فنون الافنان فی عجائب القرآن، دارالکتاب العربیہ بیروت، ۲۰۰۴ء۔

(۱۹) امام بدرالدین الزرکشی، البرہان فی علوم القرآن، دارالکتاب العربیہ بیروت، ۲۰۰۷ء۔

(۲۰) جلال الدین سیوطی' الاتقان فی علوم القرآن' دار الکتاب العربیہ بیروت' ۲۰۰۷ء۔
(۲۱) محمد عبدالعظیم زرقانی' مناہل قرآن فی علوم قرآن' دار الکتاب العلمیہ بیروت' ۲۰۰۴ء۔
(۲۲) ڈاکٹر صبحی صالح' مباحث فی علوم القرآن۔ اس کا اردو ترجمہ (از غلام احمد حریری) دستیاب ہے۔
(۲۳) شاہ ولی اللہ' الفوز الکبیر فی اصول التفسیر' ترجمہ رشید احمد انصاری' مکتبہ برہان اردو بازار جامع مسجد دہلی' ۱۹۵۵ء۔ یہ کتاب درسی کتاب کے طور پر کئی بار شائع ہو چکی ہے۔
(۲۴) اردو دائرہ معارف اسلامی' پنجاب یونیورسٹی لاہور' ص ۵۲۹ (عنوان قرآن)۔
(۲۵) جمع و تدوین قرآن پر متعدد کتب لکھی گئی ہیں۔ الاتقان نوع ۸ ص ۸۵۳' مناہل العرفان' زرقانی باب ۸ ص ۱۳۴ ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔ البتہ توسعی و تدریجی انداز میں اسے ڈاکٹر حمید اللہ نے ''خطبات بہاول پور'' میں احسن انداز میں بیان کیا ہے۔ ادارۂ تحقیقات اسلامی' اسلام آباد' اشاعت نہم' ۲۰۰۳ء۔
(۲۶) امام زرکشی' البرہان فی علوم القرآن' جز ۲' ص ۱۹۰۔
(۲۷) الاتقان' نوع ۷۸' ص ۸۷۲۔ (۲۸) ایضاً۔
(۲۹) ڈاکٹر محمود احمد غازی' محاضراتِ قرآنی' الفیصل لاہور' ۲۰۰۴ء' ص ۲۴۲۔ محمود احمد غازی کا ماہ ستمبر ۲۰۱۰ء میں انتقال ہو گیا۔ (انا للہ وانا الیہ راجعون) یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ ''محاضراتِ قرآنی'' علوم القرآن میں تازہ ہوا کا جھونکا ہے۔
(۳۰) یہ عجیب بات ہے کہ علوم القرآن کے تحت لکھی جانے والی کتب اور علوم القرآن کی فہرست بندی میں علم اصولِ حدیث اور علم اصولِ فقہ کا تذکرہ نہیں کیا جاتا' اور ایسے محسوس ہوتا ہے کہ یہ علوم' فہم قرآن سے الگ کسی علم کے اصول و قاعدے ہیں۔ حالانکہ انہیں علوم القرآن میں بہت نمایاں درجہ پر ہونا چاہیے۔
(۳۱) مولانا شبلی نعمانی' سیرت النبی ﷺ' جلد ۴' ص ۹۲۔
(۳۲) امام غزالی' المستصفی من علم الاصول۔ ۶۰۸ صفحات پر مشتمل عربی میں یہ تازہ اشاعت دار الکتاب العلمیہ بیروت نے شائع کی ہے۔ اجماع اور عقل پر مباحث ہیں۔
(۳۳) مجلّہ الاحکام العدلیہ' طبع بیروت ۱۹۸۰ء' ص ۱۴۔ یہ مجلّہ بنیادی طور پر فقہی قواعد و ضوابط پر مشتمل ہے۔ یہ قواعد و ضوابط قرآن و حدیث سے مسائل و احکام کے استنباط کے لیے ترتیب دیے گئے ہیں۔ محض فقہی قواعد و ضوابط کہہ کر پکارنے سے یہ تاثر ملتا ہے کہ شاید یہ قرآن و حدیث کے علاوہ یا غیر ہیں۔
(۳۴) امام غزالی' عزالدین بن عبدالسلام' قواعد الاحکام' ص ۴' ۱۰۔
(۳۵) علی بن تمام ابن السبکی' القواعد والاشباہ والنظائر' بحوالہ ڈاکٹر جمال الدین عطیہ' فقہ اسلامی کی نظریہ سازی (ترجمہ) الفیصل لاہور' ۱۹۷۷ء' ص ۹۵۔۱۲۰۔
(۳۶) جلال الدین سیوطی' الاشباہ والنظائر۔ یہ ضخیم کتاب ۸۱۵ صفحات پر مشتمل ہے۔ سات ابواب پر مشتمل اس کتاب میں قواعد و ضوابط بیان کیے گئے ہیں۔ پہلے باب اور دوسرے باب میں استخراجی قواعد بیان کیے گئے ہیں۔ پیش نظر اشاعت ۲۰۰۶ء کی دار الکتاب العربی بیروت لبنان کی ہے۔
(۳۷) ابن نجیم' الاشباہ والنظائر' ص ۱۵۔
(۳۸) ڈاکٹر جمال الدین عطیہ' فقہ اسلامی کی نظریہ سازی' ترجمہ الفیصل لاہور' ۱۹۷۷ء' ص ۹۵۔۱۰۰۔
(۳۹) ایضاً' ص ۱۰۱۔

(۴۰) شاہ ولی اللہ' الفوز الکبیر' ترجمہ رشید احمد انصاری' ص ۳۔
(۴۱) سرسید احمد خان (۱۸۸۷ء۔۱۸۹۸ء) تفسیر قرآن' ایک جلد' دوست ایسوسی ایٹ لاہور۔
(۴۲) ابوالکلام آزاد (۱۸۸۸۔۱۹۵۸ء) ترجمان القرآن' اسلامی اکادمی لاہور' جلد ا' ص ۱۴۔
(۴۳) عبدالماجد دریا آبادی (۱۸۹۶۔۱۹۷۷ء) مقدمہ تفسیر ماجدی' تاج کمپنی لاہور' دو جلد۔
(۴۴) علامہ محمد اقبال' تشکیل جدید الٰہیات الاسلامیہ' بزم اقبال لاہور' ص ۱۸۔
(۴۵) مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی (۱۹۰۳۔۱۹۷۹ء) مقدمہ تفہیم القرآن' ادارہ ترجمان القرآن لاہور۔
(۴۶) مولانا امین احسن اصلاحی () تدبر قرآن مقدمہ ملاحظہ کیجیے۔
(۴۷) ڈاکٹر اسرار احمد (۱۹۳۲۔۲۰۱۰ء) مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق' لاہور ۱۹۹۲ء' ص ۲۸۔
(۴۸) ڈاکٹر برہان احمد فاروقی نے ''قرآن اور مسلمانوں کے زندہ مسائل'' اور ''منہاج القرآن'' میں عمدگی سے اس رجحان کو بیان کیا ہے۔ یہ دونوں کتب ادارہ ثقافت اسلامیہ ۶ کلب روڈ لاہور سے شائع ہو چکی ہیں۔
(۴۹) ڈاکٹر محمود احمد غازی (وفات ستمبر ۲۰۱۰ء) نے سلسلہ محاضرات کی پہلی کاوش ''محاضرات قرآنی'' میں علوم القرآن اور فہم القرآن کی پوری تاریخ کو عمدگی سے بیان کرنے کے ساتھ عہد حاضر میں مطالعہ قرآن کے طریقوں کی نمایاں نشاندہی کی ہے۔
(۵۰) ڈاکٹر محمد رفیع الدین' قرآن اور علم جدید' ص ۱۰۳۔ (۵۱) ایضاً' ص ۳۲۔
(۵۲) ایضاً' مقدمہ کتاب۔ (۵۳) ایضاً' ص ۱۱۸۔
(۵۴) محمد رفیع الدین' اسلام اور سائنس' مرتب مظفر حسین' سائنس کی دینیات' ص ۲۷۔
(۵۵) محمد رفیع الدین' حکمت اقبال' ص ۴۶۸۔ (۵۶) ایضاً' ص ۴۷۳۔
(۵۷) چارلس ڈارون (۱۸۰۹۔۱۸۸۲ء) نے The origin of species میں یہ نظریہ پیش کیا جو بے حد مقبول ہوا۔ اس نے حیاتیات کے تین اصول بیان کیے۔ اول تنازع للبقاء' دوم بقائے زندگی' سوئم انتخاب طبعی۔
(۵۸) محمد رفیع الدین' قرآن اور علم جدید' ص ۳۸۔
(۵۹) میکڈوگل (۱۸۷۱۔۱۹۳۸ء) سوشل سائیکالوجی ص ۳۸' ترجمہ محمد ہادی (معاشرتی نفسیات)' جامعہ عثمانیہ حیدر آباد دکن' ۱۹۲۷ء۔
(۶۰) فرائیڈ (۱۸۵۶۔۱۹۳۸ء) ''The Ego and the Id'' ص ۵۴' دی گریٹ بکس۔ فرائیڈ کی متعدد کتب ہیں۔ دی گریٹ بکس' برٹینکا نے اصل ٹیکسٹ کو یکجا کیا ہے۔ یہ سیریز ساٹھ جلدوں پر مشتمل ہے جس میں یورپ کے سربرآوردہ حکماء کو یکجا کیا گیا ہے۔
(۶۱) قرآن اور علم جدید' ص ۳۳۱۔ (۶۲) حاشیہ نمبر ۵۷ میں بیان ہوا ہے۔
(۶۳) حاشیہ نمبر ۵۹ میں بیان ہوا ہے۔ (۶۴) حاشیہ نمبر ۲۰ میں بیان ہوا ہے۔
(۶۵) محمد رفیع الدین نے میکیاولی کے نظریہ سیاست کو ''قرآن اور علم جدید'' اور ''Ideology of the Future'' میں بیان کیا ہے۔
(۶۶) مولانا محمد حنیف ندوی' سیاسیاتِ اسلام' ص ۲۱۷۔
(۶۷) عبدالماجد دریا آبادی' تفسیر ماجدی' تاج کمپنی لاہور' جلد اول' ص ۱۲۳۔

(۶۸) ڈاکٹر علامہ محمد اقبال' خطبات' ص ۱۱۔
(۶۹) ڈاکٹر محمد رفیع الدین' قرآن اور علم جدید' ص ۱۵'۱۶۔
(۷۰) "Manifesto of Islam" کا اردو ترجمہ ڈاکٹر ابصار احمد نے ''منشور اسلام'' کے نام سے کیا ہے' جسے مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور نے شائع کیا ہے۔
(۷۱) جمہوریت (Democracy) پر مختصر معلومات کے لیے آکسفورڈ کی شائع کردہ Bernard Crick کی "Democracy" ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔
(۷۲) گلوبل ازم آج کا موضوع ہے۔ متعدد تحریریں سامنے آچکی ہیں۔ مختصر معلومات کے لیے آکسفورڈ سے شائع کردہ Manfred Steger کی Globalization ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔
(۷۳) ترجمہ آیت مولانا عبدالماجد دریا آبادی کی ''تفسیر ماجدی'' سے لیا گیا ہے۔
(۷۴) ڈاکٹر محمد رفیع الدین' قرآن اور علم جدید' ص ۱۱۰۔
(۷۵) ڈاکٹر محمد رفیع الدین' سائنس کی دینیات' ص ۱۷۔
(۷۶) ڈاکٹر محمد رفیع الدین' قرآن اور علم جدید' ص ۴۸۔
(۷۷) شاہ ولی اللہ' الفوز الکبیر (عربی)' اردو ترجمہ: مولانا رشید احمد انصاری' مکتبہ برہان دہلی ۱۹۵۵ء۔ اس کے علاوہ ہجرہ کونسل سے شائع شدہ انگریزی کا نسخہ' محمد سلیم عبداللہ کا ترجمہ شدہ نسخہ جو اردو اکیڈمی سندھ' کراچی نے ۱۹۶۰ء میں شائع کیا اور جو نسخہ ادارہ اسلامیات لاہور نے ۱۹۸۲ء میں دہلی نسخہ کی کاپی کر کے شائع کیا اور مولانا تقی عثمانی کی کتاب ''علوم القرآن'' کا ایک باب بھی دیا ہے' راقم کے پیش نظر ہیں۔
(۷۸) ڈاکٹر محمود احمد غازی' محاضرات قرآنی' الفیصل لاہور ۲۰۰۴ء' ص ۳۴۷۔ علوم القرآن پر یہ تازہ ترین پیش رفت ہے۔ اسے کتب سابقہ کا جامع کہنا بے جا نہ ہوگا۔ خطیبانہ انداز کی عام سادہ زبان میں علوم القرآن کے سارے موضوعات کو بنیادی مآخذ اور عصر جدید کی ذہنی ضرورتوں کو پیش نظر رکھا گیا ہے۔ بارہ خطبات میں خطبہ نہم کو خصوصاً ''علوم القرآن'' کے مختصر جائزے کے لیے مخصوص کیا گیا ہے۔
(۷۹) مولانا محمد حنیف ندوی' مطالعہ قرآن' ادارہ ثقافت اسلامیہ لاہور' طبع سوم ۱۹۹۸ء' ص ۱۵۲۔ ''مطالعہ قرآن'' مولانا صاحب کی اہم کتاب ہے۔ اس میں وہ ''علوم القرآن'' کے روایتی موضوعات کے تحت جدید فکر کو بیان کرتے ہیں اور شاہ ولی اللہ کے کام کو آگے بڑھانے کی کوشش کرتے ہیں۔
(۸۰) مولانا محمد تقی عثمانی' علوم القرآن' ص ۳۶۔
(۸۱) ڈاکٹر محمود احمد غازی' محاضرات قرآنی' الفیصل لاہور' ۲۰۰۴ء' ص ۱۶۰۔
(۸۲) ایضاً' ص ۲۰۸۔

❁❁❁

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا

قرآن اور مستشرقین

بسلسلہ : تحریک استشراق: ایک تعارف

ڈاکٹر حافظ محمد زبیر

اس تحقیقی مضمون کے مطالعہ میں چند نکات کو مدنظر رکھنا چاہیے:۱) ہر مستشرق کے بارے میں یہ کوشش کی گئی ہے کہ پہلی دفعہ میں اس کے مترجم اردو نام کے علاوہ اصل انگریزی' جرمن یا فرانسیسی نام بھی بیان ہوجائے۔ بہت سے مستشرقین ایسے ہیں جن کے اردو نام ہمیں نہیں ملے یا ابھی تک اردو میں ترجمہ نہیں ہوئے تو ان کے اصل نام کی اردو بناتے ہوئے انگریزی لہجے (American English Accent) کو معیار بنایا گیا ہے۔ مثلاً اگر کسی جرمن یا فرنچ مستشرق کو نقل کیا گیا ہے تو اس کے نام کے انگریزی لہجے کی اردو بنائی گئی ہے نہ کہ جرمن یا فرنچ۔۲) کسی بھی مستشرق کے پہلی دفعہ بیان کے وقت اس کی سن پیدائش اور سن وفات بھی ساتھ ہی نقل کی گئی ہے اور اس بارے میں آن لائن انسائیکلوپیڈیا' وِکی پیڈیا کو ماخذ بنایا گیا ہے۔۳) اکثر مستشرقین کے حالات زندگی کتب میں نہیں ملتے' لہٰذا حالاتِ زندگی کے بیان میں بھی زیادہ تر وِکی پیڈیا ہی پر انحصار کیا گیا ہے اور اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ تازہ ترین معلومات کے اعتبار سے یہ انسائیکلوپیڈیا ایک بہترین مصدر ہے۔۴) اختصار کے پیش نظر کسی مستشرق کے افکار کا خلاصہ اردو میں بیان کر دیا گیا ہے' جبکہ اس کی اصل عبارت آخر مضمون میں حواشی کی صورت میں نقل کر دی گئی ہے۔۵) یہ مضمون اپنے موضوع پر ایک تمہید ہے اور اس میں کوشش کی گئی ہے کہ ایم فل اور پی ایچ ڈی سطح پر قرآنیات کے موضوع پر کام کرنے والوں کو دفاع کتاب کے بارے میں نئے موضوعات اور نئی راہیں سجھائی جائیں تاکہ صحیح معنوں میں کتاب اللہ کے دفاع کا وہ فریضہ انجام پا سکے جو امت مسلمہ کے ذمے ایک قرض بن چکا ہے۔۶) ہمارے ہاں لائبریریوں کی جو صورت حال ہے' اس سے سب آگاہ ہیں۔ ایک معروف پبلک یونیورسٹی جو علوم اسلامیہ میں ایم فل اور پی ایچ ڈی کروا رہی ہے' اس کی لائبریری کی کمپرسی کا یہ عالم تھا کہ ضرورت پڑنے اور تلاش کرنے پر راقم کو وہاں بائبل کا نسخہ تک نہ مل سکا۔ لہٰذا کتب کے انٹرنیٹ ایڈیشنز سے بھی استفادہ کیا گیا ہے جو عیسائی مشنری ویب سائٹس نے اسلام دشمنی میں انباروں کی صورت جمع کیے ہوئے ہیں۔۷) عربی میں اگرچہ استشراق پر کافی کام ہوا ہے اور راقم کے پاس بھی تقریباً ۱۵۰ ایسی عربی کتب موجود ہیں جو تحریک استشراق اور مستشرقین کے رد میں ہیں' لیکن یہ ساری تحقیق بھی مستشرقین کی کتب کے عربی تراجم پر نقد کے گرد ہی گھومتی ہے۔ مستشرقین پر براہ راست نقد کرنے والے یا نقد کرتے ہوئے ان کی انگریزی نصوص یا اصطلاحات کو بیان کرنے والے نہ ہونے کے برابر ہیں۔ اپنے اس مضمون میں ہم نے یہ ممکن کوشش کی ہے کہ کسی مستشرق کی اصطلاح یا اعتراض انگریزی میں ہی بیان کیا جائے اگرچہ ساتھ میں اس کا اردو ترجمہ یا ماحاصل بھی بیان ہوجائے۔

تھیوڈور نولڈکے Theodor Noldeke (۱۸۳۶۔۱۹۳۰ء)

تھیوڈور نولڈکے Theodor Noldeke (۱۸۳۶۔۱۹۳۰ء) ایک جرمن مستشرق تھا۔ ۱۸۵۶ء میں تاریخ قرآن پر پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی اور اس کا یہ تحقیقی کام اس کے شاگرد فریڈرک شوالی Friedrich Zacharias Schwally (۱۸۶۳۔۱۸۱۹ء) کے تعاون سے ۱۸۶۰ء میں پہلی مرتبہ جرمن زبان میں شائع ہوا' جبکہ اس کا اصل مقالہ لاطینی زبان میں تھا' جو بعد ازاں The History of the Text of the Quran کے نام سے انگریزی میں بھی شائع ہوا۔ یہ کتاب تین جلدوں میں شائع ہوئی۔ پہلی جلد ۱۹۰۹ء اور دوسری ۱۹۱۹ء میں شائع ہوئی جنہیں شوالی نے ایڈٹ کیا۔ جبکہ تیسری جلد ۱۹۳۸ء میں شائع ہوئی اور شروع میں تو اسے برگ ٹریسر (Gotthelf Bergstrasser) ایڈٹ کرتا رہا' جبکہ اس کی وفات کے بعد اوٹو بارٹس (Otto Bartus) نے ایڈٹ کیا۔[۱]

علاوہ ازیں قرآن مجید سے متعلق اس کے خیالات ۱۸۹۱ء میں انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا میں The Quran کے نام سے ایک آرٹیکل کی صورت میں زیادہ مرتب صورت میں شائع ہوئے۔ ''نولڈکے'' کو جرمن مستشرقین کا 'شیخ' کہا جاتا ہے۔ وہ یونیورسٹی آف سٹراسبرگ' فرانس میں مشرقی علوم کا استاذ رہا ہے۔ اسے یونانی علوم وفنون کے علاوہ عبرانی' سریانی اور عربی زبان میں بھی خاصا درک حاصل تھا۔[۲] تاریخ نصِ قرآن (The History of the Text of the Quran) مستشرقین کی نظر میں علومِ قرآن پر ایک مصدر کی حیثیت رکھتی ہے۔

نولڈکے کی تحریر پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ وہ منتشر خیالی اور غیر ضروری طوالت کے دو ستونوں پر قائم ہے۔[۳] ہمارے خیال میں اصل مسئلہ منتشر خیالی ہے جو غیر ضروری طوالت کا باعث بنا ہے۔ ایک عام سے اعتراض کو اس قدر تمہید اور طوالت کے ساتھ بیان کرے گا کہ قاری سوچتا رہ جاتا ہے کہ اس نے ان دس صفحات میں بیان کیا کیا ہے۔ اسی غیر ضروری طوالت کا نتیجہ ہے کہ اس کا تحقیقی کام تین جلدوں میں مرتب ہوا۔ اور غالباً یہ اس کی منتشر خیالی کا ہی کمال تھا کہ اس کے شاگردوں کو اس کے تحقیقی کام کو ایڈٹ کر کے شائع کرنے میں تقریباً چالیس سال لگ گئے۔

نولڈکے کا خیال ہے کہ قرآن محمد (ﷺ) کی ذاتی تصنیف ہے اور وحی آپؐ سے ایک بے قابو ہیجانی حالت میں صادر ہوتی ہے' جسے وہ uncontrollable excitement کا نام دیتا ہے۔ وحی محمد ﷺ کی اپنی ذات یا نفس سے صادر ہوتی ہے اور آسمانوں یا خدا کی طرف نازل شدہ نہیں تھی' اس کی دلیل کے بارے میں اس کی تحقیق کا خلاصہ یہ ہے کہ محمد ﷺ نڈر اور بے باک طبیعت کے حامل ایک وژنری (اپنے بارے میں بہت زیادہ خواب دیکھنے والے) انسان تھے۔ علاوہ ازیں غارِ حرا کی زاہدانہ ریاضتوں نے ان کے دماغ کو جِلا بخش دی تھی اور اس پر مستزاد یہ کہ ان کے منکرین کی مخالفت نے ان میں ایک چڑ کی کیفیت پیدا کر دی۔ یہودیت اور عیسائیت کے بارے میں بنیادی معلومات سے آپ پہلے ہی سے آگاہ تھے اور وحی' جبرائیل' کتاب وغیرہ کے تصورات سے آپؐ ناواقف نہ تھے۔[۴] ان سارے حالات میں آپؐ سے وحی ایسے صادر ہوتی تھی جیسا کہ ایک شاعر کے

سینے سے شعر نکلتا ہے۔ اگرچہ شاعر اپنے شعر کو اپنی تخلیق سمجھتا ہے' لیکن محمد ﷺ اپنی ذات سے صادر ہونے والے کلام کا صحیح تجزیہ نہ کر پائے اور جو کلام ان سے حالات کے تقاضوں کے تحت صادر ہوا تھا اسے زاہدانہ طبیعت اور سابقہ ادیان کے تصوراتِ وحی کے باعث آسمان سے خدا کی طرف سے نازل شدہ وحی سمجھ بیٹھے۔ اس کے شائع شدہ تحقیقی مقالہ کی تین جلدوں میں سے پہلی جلد کا موضوع یہی ہے' یعنی وحی کی نوعیت اور حیثیت کا تعین۔ علاوہ ازیں اس جلد میں اس نے قرآن کریم کی مکی اور مدنی سورتوں کے اسلوبِ بیان کو بھی موضوعِ بحث بنایا ہے۔ اس کا کہنا یہ ہے کہ مکی سورتوں کا اسلوبِ کلام شاعرانہ ہے جبکہ مدنی سورتیں طویل نثر کے اسلوب پر ہیں۔ مکی سورتوں کو اس نے مزید تین ادوار یعنی ابتدائی' وسطی اور آخری دور میں تقسیم کیا ہے۔ اس اعتبار سے اس نے قرآنی سورتوں کو چار حصوں میں تقسیم کر دیا ہے۔ دوسری جلد دورِ نبوی' خلافت ابوبکر صدیق اور خلافت عثمان میں قرآن مجید کی جمع و تدوین کے بارے میں شکوک و شبہات سے بحث کرتی ہے۔ اس کا کہنا یہ ہے کہ جمع عثمانی مکمل وحی پر مشتمل نہیں ہے بلکہ اس میں وحی کا ایک حصہ شامل ہونے سے رہ گیا ہے۔(۵) اس میں اس نے قرآن مجید کے بارے میں اہل تشیع اور عیسائیوں کا موقف بھی بیان کیا ہے۔ تیسری جلد قراءات میں اور رسم قرآنی کے بارے میں اعتراضات پر مشتمل ہے۔ اس کے خیال میں رسم عثمانی میں بہت سی غلطیاں موجود ہیں۔

قرآنی نصوص میں اور اس کے علاوہ بھی کثرت سے ہمیں ایسے صریح دلائل ملتے ہیں جو نولڈکے کے اس نظریے کو باطل قرار دیتے ہیں کہ وحی کا باعث اللہ کے رسول ﷺ کی انفعالی کیفیات تھیں۔ اگر وحی کا مصدر و ماخذ اللہ کے رسول ﷺ کی ذات ہی ہوتی تو جب منافقین نے اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پر تہمت لگائی تو آپؐ کی شدید خواہش تھی کہ کسی طرح اپنی زوجہ محترمہ کو اس الزام سے فوری طور بَری قرار دے دیں' لیکن معاملہ آپؐ کے ہاتھ میں نہیں تھا' لہٰذا براءت کی آیات کے نزول میں تقریباً ایک ماہ لگا اور اس وقت تک کے لیے آپؐ کو منافقین کی طرف سے اپنی زوجہ محترمہ سمیت شدید ذہنی کوفت برداشت کرنی پڑی۔ اسی طرح مشرکین نے جب آپؐ سے اصحاب کہف' ذوالقرنین اور روح کی حقیقت کے بارے میں سوال کیا تو آپ انہیں وقت پر جواب نہ دے پائے جس وجہ سے مشرکین نے آپ کے دعوائے رسالت کو طعن و تشنیع کا موضوع بنایا۔ اس معاملے میں بھی اگر وحی آپ کے اختیار میں ہوتی تو فوراً جواب سامنے آ جاتا۔ اسی طرح حضرت جبرائیل بعض اوقات آپ ﷺ کے پاس انسانی شکل میں بھی آتے تھے' جیسا کہ حدیث جبرائیل میں ہے' اور آپؐ کو کبھی بھی یہ وہم نہ ہوا کہ آپ نے جبرائیل کی جگہ کسی دوسرے صحابی کو جبرائیل سمجھ لیا ہو۔ یہ تمام قرائن اور شہادتیں واضح کرتی ہیں کہ وحی کا مصدر آپ ﷺ کے خارج میں تھا نہ کہ آپ کی ذات میں' اور یہ خارج میں بھی وہاں جہاں آپ کا اختیار نہیں تھا' یعنی آسمان سے۔(۶)

علاوہ ازیں قرآن مجید میں بہت سی ایسی آیات ہیں جن کے معانی آخری درجے میں یہ صراحت کر رہے ہیں کہ یہ محمد ﷺ کا کلام نہیں ہو سکتا۔ سورۃ الاحزاب میں ارشاد ہے:

﴿وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِیْٓ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَیْهِ اَمْسِكْ عَلَیْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ وَتُخْفِیْ فِیْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِیْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ ۚ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ ؕ﴾(۷)

''(اے نبی ﷺ) یاد کریں جب آپ اس شخص کو جس پر اللہ نے انعام کیا اور آپ نے بھی (یعنی زید رضی اللہ عنہ) کہہ رہے تھے کہ اپنی بیوی کو روکے رکھ (یعنی اسے طلاق نہ دے) اور اللہ سے ڈر' اور آپ اپنے ذات میں وہ کچھ چھپا رہے تھے کہ جسے اللہ تعالیٰ ظاہر کرنا چاہ رہا تھا' اور آپ لوگوں سے ڈر رہے تھے' حالانکہ اللہ تعالیٰ اس بات کا زیادہ حقدار ہے کہ آپ اس سے ڈریں۔''

یہ آیت مبارکہ آپ ﷺ کے منہ بولے بیٹے حضرت زید بن حارثہ اور ان کی اہلیہ زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔(۸) حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا آپؐ کی پھوپھی زاد بہن تھیں اور آپ ﷺ کے ایماء پر ہی انہوں نے حضرت زیدؓ سے شادی کی تھی۔ جب حضرت زیدؓ نے آپؐ کو بتلایا کہ وہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا سے عدم توافق کی وجہ سے انہیں طلاق دینے کا ارادہ رکھتے ہیں تو آپ ﷺ نے انہیں طلاق دینے سے روک دیا۔ اگرچہ آپ کے ذہن میں یہ تھا کہ اگر زیدؓ نے زینبؓ کو طلاق دے دی تو آپ زینبؓ سے نکاح کرنا چاہیں گے۔ لیکن یہ خواہش ایسی تھی جس کا اظہار معاشرتی دباؤ کے سبب ممکن نہ تھا' کیونکہ دور جاہلیت کا یہ رواج تھا کہ منہ بولے بیٹے کو حقیقی بیٹے کی طرح سمجھتے ہوئے اس کی مطلقہ سے شادی کو جائز نہیں سمجھا جاتا تھا۔ اس پر قرآن مجید نے یہ تبصرہ کیا کہ آپ معاشرتی جبر کے سبب جس خواہش کو چھپانا چاہتے ہیں' اللہ تعالیٰ اسے ظاہر کرنے والے ہیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا قول ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے اگر قرآن مجید میں سے کچھ چھپانا ہوتا تو یہ آیت ضرور چھپا لیتے۔(۹) یہ آیت مبارکہ واضح کرتی ہے کہ وحی کا منبع آپؐ کی داخلی کیفیت نہیں تھی۔

جہاں تک سورتوں کو ترتیب نزولی کے اعتبار سے جمع کرنے کی کوشش کی بات ہے تو یہ کام نولڈکے کے علاوہ' بلاشیر اور رچرڈ بیل وغیرہ نے بھی کیا ہے اور ان سب کا بھی آپس میں اختلاف ہے۔ قرآن مجید کی ترتیب نزولی میں کچھ تفسیری روایات' ہمیں کتب تفسیر وحدیث میں ملتی ہیں جن کی بنیاد پر مسلمان علماء نے بھی ترتیبِ نزولی کو حاصل کرنے کی کوشش کی ہے۔ نولڈکے وغیرہ جیسے مستشرقین کا معاملہ یہ ہے کہ وہ ترتیبِ نزولی کو متعین کرنے کے لیے تفسیری روایات کی بجائے اپنے مزعومہ اصولوں کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں' جیسا کہ قرآنی نص کے تحلیلی جائزہ (analytical analysis) کے ذریعے اس کا زمانہ نزول متعین کرنا وغیرہ۔ اس طرح کے اصول یقینی طور کسی نص کے زمانہ نزول کو متعین نہیں کر سکتے' البتہ گمان یا احتمال کی حد تک کا علم حاصل ہو سکتا ہے اور اس احتمالی علم کی بنیاد پر کسی موقف کی بنیاد رکھنا درست نہیں ہے۔

ولیم کلیر تسدال William St. Clair Tisdall (۱۸۵۹۔۱۹۲۸ء)

ولیم کلیر تسدال William St. Clair Tisdall (۱۸۵۹۔۱۹۲۸ء) برطانوی مستشرق (orientalist) تھا جو بشمول عربی کئی ایک مشرقی زبانوں میں درک رکھتا تھا۔ وہ ایران میں قائم مشنری سوسائٹی کا چرچ آف انگلینڈ کی طرف سے سیکرٹری بھی رہا۔ اس نے فارسی' ہندی' گجراتی اور پنجابی زبانوں کی گرامر بھی مرتب کی ہے۔ قرآن مجید پر The Sources of Islam اور The Original Sources of the Islam کے نام سے دو کتابیں لکھیں۔(۱۰) پہلی کتاب ۱۹۰۱ء میں اسکاٹ لینڈ سے اور دوسری ۱۹۰۵ء میں نیویارک سے شائع ہوئی۔ جب ان کتب پر مولوی محمد علی اور امام فخر الاسلام نے تنقید کی تو اس کے جواب میں کلیر تسدال نے

A Word to the Wise, being a Brief Defense of the Sources of Islam کے نام سے بھی ایک کتاب مرتب کی جو ۱۹۱۲ء میں لکھنؤ' مدراس اور کولمبو سے شائع ہوئی۔ (۱۱)

کلیر تسدال کی کتاب The Original Sources of the Quran یعنی ''قرآن کے اصلی مصادر'' چھ ابواب پر مشتمل ہے' جس کا خلاصہ یہ ہے کہ قرآن مجید وحی الٰہی یا آسمانی کتاب نہیں ہے اور یہ کتاب دورِ جاہلیت کے عرب مذاہب' عیسائیت' یہودیت' صابیت' حنفیت اور دین زرتشت کے اَفکار واَعمال کا ملغوبہ ہے۔

اس کتاب کا پہلا باب تعارفی ہے' اس باب میں اس نے قرآن مجید کو اللہ کے رسول ﷺ کی ذاتی تخلیق قرار دیا ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ اگر ہم سورتوں کو ترتیب نزولی کے اعتبار سے جمع کریں تو ہمیں صاف نظر آتا ہے کہ قرآن مجید اور محمد ﷺ کی زندگی میں پیش آنے والے حالات وواقعات میں حد درجہ مماثلت ہے' جو اس بات کی دلیل ہے کہ محمد ﷺ ایک کامیاب زندگی کے حصول میں موقع بموقع حالات کے مطابق وحی وضع کرتے رہے (۱۲) اور اپنے متبعین کو یہ باور کراتے رہے کہ یہ آسمانوں سے خدا کی طرف سے نازل ہو رہی ہے۔

تسدال کا یہ اعتراض نہایت ہی سطحی ہے۔ قرآن مجید کی آیات کا اللہ کے رسول ﷺ کی سیرت سے متعلق ہونے کا سبب بالکل واضح ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے پیغمبر اور ان کے متبعین کی رہنمائی چاہتے ہیں' لہٰذا آپؐ اور صحابہ رضی اللہ عنہم کی جماعت کو جیسے حالات ومسائل کا سامنا تھا اس کے مطابق وحی نازل ہوتی رہی۔ یہ تو کسی کلام کا نقص شمار ہوگا کہ اس میں مستقبل کی رہنمائی تو ہو لیکن قوم کو درپیش حالیہ مسائل سے نکلنے کا کوئی رستہ تجویز نہ گیا ہو۔ کیا خدا کے کلام کے بارے میں ہم ایسا سوچ بھی سکتے ہیں کہ وہ جس دور اور قوم میں نازل ہو رہا ہو اس دور اور قوم دونوں کے مسائل کو نظر انداز کر دے؟ پس قرآن مجید میں محمد ﷺ اور آپ کی جماعت کو درپیش مسائل سے مسلسل خطاب (address) کرنا اس بات کی قطعاً دلیل نہیں بن سکتا کہ یہ محمد ﷺ کی کتاب ہے۔

دوسرے باب میں تسدال نے یہ ثابت کیا ہے کہ محمد ﷺ کے دین کے مصادر (sources) میں پہلا اور اہم ترین مصدر دور جاہلیت کے عربوں کی رسوم ورواج اور عقائد (pagan center) ہیں۔ مثلاً محمد ﷺ نے تعددِ ازواج اور غلامی کے قوانین جاہلی عرب معاشرے سے لیے' وغیرہ۔ اس باب کا عنوان تسدال نے Ancient Influence of Arabian Beliefs and Practices رکھا ہے۔ (۱۳) قرآن مجید میں بعض ایسے عقائد' شعائر اور عادات موجود ہیں جو جاہلی معاشرے میں نمایاں تھیں' مثلاً جنّات اور فرشتوں کے وجود پر ایمان' طواف وسعی اور وقوفِ منیٰ ومزدلفہ کے شعائر' نکاح وختنہ کی عادت وغیرہ۔

یہ اعتراض بھی انتہائی سطحی نوعیت کا ہے' کیونکہ یہ امر واضح ہے کہ اہلِ عرب دین ابراہیمی پر تھے اور اس کے دعوے دار بھی تھے' لیکن وقت کے ساتھ انہوں نے بھی یہود ونصاریٰ کی طرح اپنے دین میں تحریف کر لی تھی اور دین توحید میں بت پرستی وغیرہ کو رواج دے دیا تھا۔ اللہ کے رسول ﷺ نے دور جاہلیت کی جن مذہبی رسوم کو شریعتِ اسلامیہ میں برقرار رکھا تو وہ دین ابراہیمی ہی کی باقیات تھیں' جیسا کہ حج کے اکثر وبیشتر شعائر ہیں۔ عمرو بن لحی وہ پہلا شخص تھا جس نے اہل مکہ میں بت پرستی کو رواج دیا۔ (۱۴)

جہاں تک تعددِ ازواج کا معاملہ ہے تو یہ کسی بھی سماوی دین میں ممنوع نہیں رہا ہے' جیسا کہ ہم جانتے ہیں

کہ جلیل القدر انبیاء حضرات ابراہیمؑ اسماعیل اور یعقوب علیہم السلام نے ایک سے زائد شادیاں کی تھیں۔ اور غلامی کا آغاز اسلام سے نہیں ہوا' البتہ دورِ جاہلیت میں یہ رسم موجود تھی اور اسلام نے اسے حکمت کے ساتھ ختم کیا ہے نہ کہ رواج دیا ہے۔

تیسرے باب میں تسدال نے اپنے تئیں یہ ثابت کیا ہے کہ دین اسلام اور قرآن مجید کا دوسرا بڑا مصدر یہودی اور صابی افکار و اعمال ہیں۔ اس نے تیسرے باب کا عنوان Influence of Sabian and Jewish Ideas and Practices رکھا ہے۔[۱۵] تسدال کا دعویٰ یہ ہے کہ محمد ﷺ نے ایمان' جنت' جہنم' فرشتوں' شیاطین' توبہ اور جبرائیل وغیرہ کے تصورات یہودیت سے لیے ہیں تاکہ وہ ایک نیا دین مدوّن کر سکیں۔[۱۶] اس کا کہنا ہے کہ یہود عرب معاشرے میں عام تھے' لہٰذا محمد ﷺ ان کے عقائد و نظریات اور مذہب سے اچھی طرح واقف تھے۔ محمد ﷺ نے یہود میں اپنے نئے مذہب کے لیے قبولیت (acceptance) پیدا کرنے کے لیے ان کے دین سے کئی ایک چیزیں اپنی کتاب میں شامل کیں۔

چوتھے باب میں تسدال نے عیسائیت اور عیسائی لٹریچر کو قرآن مجید کا ایک مصدر قرار دیا ہے۔ اس نے اس باب کا عنوان Influence of Christianity and Christian Apocryphal Books رکھا ہے۔ اس باب میں اس نے کہا ہے کہ اگرچہ عیسائی اس طرح سے عرب میں آباد نہیں تھے جیسے کہ یہود' لیکن محمد ﷺ نے شام کے سفر تجارت کے دوران' مختلف مواقع پر عیسائی راہبوں مثلاً ورقہ بن نوفل وغیرہ سے ملاقات کے ذریعے اور نجران کے بشپ قس بن ساعدہ کے عکاظ کے میلہ میں خطابات سن کر دین عیسائیت کے عقائد و تعلیمات کے بارے میں بہت کچھ واقفیت حاصل کر لی تھی جسے انہوں نے بعد ازاں اپنی کتاب قرآن مجید میں شامل کیا۔[۱۷]

جہاں تک یہود کا تعلق ہے تو مکہ میں کوئی یہود آباد نہیں تھے' اگرچہ مدینہ میں تھے اور یہود سے آپ کی ملاقات مدینہ جا کر ہی ہوئی' جبکہ قرآن مجید کے نزول کو شروع ہوئے تیرہ برس گزر چکے تھے اور قرآن مجید کا دو تہائی حصہ نازل ہو چکا تھا۔ اسی طرح مکہ یا اس کے گرد و نواح میں عثمان بن حویرث اور ورقہ بن نوفل کے علاوہ کوئی عیسائی نہیں تھا۔ عثمان بن حویرث تو نبوت سے تین سال پہلے ہی شام چلا گیا اور وہاں جا کر ہی اس نے عیسائیت قبول کی اور قیصر کے ہاں مقام و مرتبہ حاصل کیا۔[۱۸] اور ورقہ بن نوفل سے آپ ﷺ کی پہلی ملاقات پہلی وحی کے نزول کے بعد حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے ذریعے ہوئی جن کے وہ چچازاد بھائی تھے۔ ورقہ بن نوفل نے آپ سے ملاقات کے دوران ایسی کوئی بات نہیں کی کہ محمد ﷺ میرے شاگرد ہیں۔ اس ملاقات میں جو مکالمہ ہوا ہے اس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ یہ محمد ﷺ سے ورقہ کی پہلی ملاقات تھی۔ اور اسی ملاقات کے دوران ورقہ آپ ﷺ کو کیا متاثر کرتے وہ تو آپؐ سے متاثر ہو گئے اور آپ ﷺ کو اللہ کا نبی قرار دینے لگے اور آپ کی مدد کی شدید خواہش کا بھی اظہار کرنے لگے۔ ایک روایت کے الفاظ ہیں:

فَقَالَ لَهٗ وَرَقَةُ: يَا ابْنَ أَخِيْ مَاذَا تَرٰى؟ فَأَخْبَرَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ خَبَرَ مَا رَاٰى۔ فَقَالَ لَهٗ وَرَقَةُ: هٰذَا النَّامُوْسُ الَّذِيْ نَزَّلَ اللّٰهُ عَلٰى مُوْسٰى [۱۹]

''ورقہ نے آپؐ سے کہا: اے میرے بھتیجے! آپ نے کیا دیکھا ہے؟ تو اللہ کے رسول ﷺ نے انہیں خبر دی

کہ آپؐ نے کیا دیکھا۔اس پر ورقہ بن نوفل نے کہا: یہ تو وہی ناموس (فرشتہ) ہے جو اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل فرمایا۔''

نبوت سے پہلے اللہ کے رسول ﷺ نے مکہ سے باہر دو سفر کیے ہیں اور دونوں شام کی طرف تجارت کی غرض سے تھے۔ایک تو لڑکپن کی عمر میں تھا۔اللہ کے رسول ﷺ کی عمر اس وقت بارہ سال تھی جب شام کی طرف پہلے سفر کے دوران آپ ﷺ کی ملاقات ایک عیسائی راہب بحیرہ سے ہوئی اور یہ بھی مختصر وقت کے لیے تھی اور اس نے آپ ﷺ کی نبوت کی گواہی بھی دی۔پس وہ آپ ﷺ کو کیا متاثر کرتا وہ تو آپؐ سے اثر قبول کر رہا تھا۔اس نے آپ ﷺ کے دونوں کندھوں کے مابین مہر نبوت کی تصدیق بھی کی۔[۲۰] دوسرا تجارتی سفر آپ ﷺ نے پچیس سال کی عمر میں حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی خواہش پر کیا۔[۲۱] جبکہ نبوت کا دعویٰ آپ ﷺ نے اس سے پندرہ سال بعد چالیس برس کی عمر میں کیا۔یہاں مستشرقین اپنا نظریہ احتمال (Theory of Probability) استعمال کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ اس سفر شام میں آپ کی بہت سے عیسائی راہبوں سے ملاقات ہوئی ہوگی اور آپ نے ان سے عیسائیت کے بارے میں بہت کچھ سیکھا ہوگا' وغیرہ۔کتب سیرت میں ہمیں صرف اتنی تفصیل ملتی ہے کہ اس سفر کے دوران حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا ایک غلام میسرہ آپ کے ساتھ تھا اور راستے میں ایک درخت کے نیچے پڑاؤ کے دوران ایک راہب نے غلام میسرہ سے آپ ﷺ کے بارے میں سوال کیا تو غلام نے بتلایا کہ آپؐ ایک قریشی نوجوان ہیں اور اہلِ حرم میں سے ہیں تو اس راہب نے آپ ﷺ کے نبی ہونے کی بشارت دی۔[۲۲]

پانچویں باب میں تسدال نے یہ ثابت کیا ہے کہ ایرانی زرتشتی مذہب کے بھی بعض عناصر قرآن مجید میں ملتے ہیں۔اس نے اس باب کا عنوان Zoroastrian Elements in the Qur'an and Traditions of Islam رکھا ہے۔اس کا کہنا ہے کہ مذہب زرتشت میں ایسی کہانیاں مشہور ہیں کہ ان کے نبی زرتشت نے آسمانوں کا سفر کیا' جنت اور مقدس درخت کا نظارہ کیا اور بعد ازاں اس کے احوال بھی بیان کیے۔اور غالب امکان یہی ہے کہ پیغمبر اسلام نے پارسی مذہب کی انہی کہانیوں سے اپنے لیے سفر معراج کا تصور وضع (develop) کیا تھا۔[۲۳]

اگر ہم تسدال کی عبارت پر غور کریں تو یہاں بھی اس نے نظریہ احتمال ہی بطور دلیل نقل کیا ہے کہ اہلِ عرب ایرانی مذہب کی معروف کہانیوں اور تصورات سے واقف ہوں گے اور یہی واقفیت اللہ کے رسول ﷺ کی زرتشتی مذہب سے استفادہ کی بنیاد بنی ہوگی۔تسدال نے اپنی عبارت میں probability کا لفظ بھی استعمال کیا ہے۔[۲۴]

اس کتاب کے چھٹے باب کا موضوع یہ ہے کہ قرآن مجید کے مصادر میں سے ایک اہم مصدر عرب کے حنفاء اور ان کے افکار بھی ہیں۔حنفاء' حنیف کی جمع ہے اور یہ وہ لوگ تھے جو دور جاہلیت میں بھی توحید پر قائم تھے۔ تسدال نے اس باب کا عنوان The Hanifs and their Influence upon Nascent Islam قائم کیا ہے۔اس کا کہنا یہ ہے کہ دین حنیفیت کے جتنے بنیادی اصول وضوابط ہیں' مثلاً وحدانیت کا اقرار' بُت پرستی کا انکار' جنت وجہنم پر ایمان' بچیوں کو زندہ درگور کرنے کی مذمت' اللہ کے صفاتی ناموں رب' رحمان اور غفور وغیرہ کا استعمال' یہ سب ہمیں قرآن مجید میں نظر آتے ہیں۔[۲۵] تسدال کا کہنا یہ بھی ہے کہ حنفاء کی ایک جماعت آپ ﷺ کے خاندان سے تعلق رکھتی تھی لہٰذا ان کے افکار کا آپ پر اثر چھوڑنا ایک فطری امر تھا' مثلاً عثمان بن

حویرث اور ورقہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے کزن تھے اور عبید اللہ آپ کی پھوپھی کے بیٹے تھے۔[۲۶]

عثمان بن حویرث کے بارے میں ہم ابن ہشام رحمہ اللہ کا یہ بیان نقل کر چکے ہیں کہ وہ نبوت سے تین سال پہلے شام منتقل ہو گیا تھا اور اس نے عیسائیت قبول کر لی تھی۔ اللہ کے رسول ﷺ پر اس کے اثرات کے بارے میں کوئی دلیل موجود نہیں ہے سوائے نظریہ احتمال کے' اور ورقہ بن نوفل نے بھی عیسائیت قبول کر لی تھی۔ محمد ﷺ کے اعلانِ نبوت کے وقت نابینا اور انتہائی بوڑھے تھے۔ اللہ کے رسول ﷺ کی پہلی دفعہ ان سے ملاقات پہلی وحی کے نزول کے بعد ہوئی' جیسا کہ ہم پیچھے نقل کر چکے ہیں۔

اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ یہودیت' عیسائیت' دینِ ابراہیمی اور دینِ محمدی ﷺ میں بہت سی تعلیمات مشترک ہیں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کا مصدر ایک ہے' یعنی وحی الٰہی۔ اللہ کے رسول ﷺ کا فرمان ہے:

((وَالْاَنْبِيَاءُ اِخْوَةٌ لِعَلَّاتٍ ، اُمَّهَاتُهُمْ شَتَّى وَدِيْنُهُمْ وَاحِدٌ)) [۲۷]

''انبیاء علاتی (باپ شریک) بھائی ہیں۔ ان کی مائیں (شریعتیں) جدا ہیں جبکہ ان کا (باپ) دین ایک ہے۔''

رچرڈ بیل Richard Bell (۱۸۷۶۔۱۹۵۲ء)

رچرڈ بیل Richard Bell (۱۸۷۶۔۱۹۵۲ء) ایک برطانوی مستشرق تھا۔ ۱۹۳۷ء سے ۱۹۳۹ء کے مابین اس نے قرآن مجید کا انگریزی ترجمہ The Quran: Translated with a Critical Rearragnement of the Surahs شائع کیا۔ اور ۱۹۵۳ء میں اپنا مشہور مقدمہ Introduction to the Quran شائع کیا جو ۱۹۷۰ء میں منٹگمری واٹ Montgomery Watt (۱۹۰۹۔۲۰۰۶ء) کی نظر ثانی کے ساتھ دوبارہ شائع ہوا۔ اس کی ایک اور معروف کتاب The Origin of Islam in its Christian Enviorment کے نام سے بھی ہے جو ۱۹۲۵ء میں شائع ہوئی۔ یہ تینوں کتابیں ایڈنبرگ یونیورسٹی پریس نے شائع کی ہیں۔ رچرڈ بیل' یونیورسٹی آف ایڈنبرگ' برطانیہ میں عربی زبان کا استاذ رہا ہے۔[۲۸]

رچرڈ بیل نے اپنے مقدمہ کو دس فصول میں تقسیم کیا ہے۔ پہلی فصل میں اس نے اللہ کے رسول ﷺ کے زمانے کے احوال و نظریات کو بیان کیا ہے۔ اس میں اس نے یہ بھی بیان کیا ہے کہ قرآنی اسلوبِ کلام یہودیت' عیسائیت' حنیفیت' زرتشتی مذہب سے متاثر ہے۔[۲۹] اس اعتراض کا جواب کلیر تسدال کے بیان میں گزر چکا ہے۔ دوسری فصل نزول و جمع قرآن کے بارے میں ہے۔ اس فصل میں اس نے قرآن مجید میں کمی بیشی کا دعویٰ کیا ہے اور دلیل کے طور قراءاتِ متواترہ اور شاذہ کو بیان کیا ہے۔ ان قراءات کے بیان سے وہ یہ ثابت کرتا ہے کہ یہ آپس میں مصاحفِ قرآنیہ کا اختلاف تھا۔[۳۰] اس اعتراض کا بیان آرتھر جیفری کے بیان میں نقل ہو گا کیونکہ اس کا یہ تخصص (specialization) تھا۔ تیسری فصل قرآن مجید کی پاروں' احزاب' سورتوں میں تقسیم کے بارے میں ہے۔ اس تقسیم کے بارے میں اس کا کہنا ہے کہ یہ تلاوت کی غرض سے تھی۔ اسی فصل میں اس نے معوذتین کے بارے میں حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا موقف بیان کیا ہے کہ وہ انہیں قرآن مجید کا حصہ نہیں مانتے تھے۔[۳۱]

چوتھی فصل میں رچرڈ بیل نے اسلوب قرآن کو موضوع بحث بنایا ہے اور اس کا کہنا یہ ہے کہ قرآنی اسلوبِ

کلام کاہنوں کے اسلوب کلام 'سجع' پر قائم ہے۔[۳۲] اس اعتراض کا جواب ہم آگے چل کر نقل کریں گے۔ پانچویں فصل میں اس نے سورتوں کو موضوع بحث بنایا ہے اور قصر وطول' عبارتوں کی تکرار اور نحو قرآنی پر گفتگو کی ہے۔ بعض مقامات پر وہ قرآن مجید کی کچھ عبارتوں میں اضافے بھی تجویز کرتا ہے کیونکہ اس کے بقول وہ عبارات نامکمل ہیں اور یہ اضافے ان کی تکمیل کا باعث ہیں۔[۳۳] چھٹی فصل میں رچرڈ بیل نے قرآن مجید کی ترتیب نزولی پر گفتگو کی ہے' جبکہ ساتویں فصل قرآن مجید کی بعض مخصوص آیات کے معانی ومفاہیم کی وضاحت پر مبنی ہے۔ یہاں اس نے بعض مقامات پر قرآن مجید میں انجیل سے استفادہ کی علامات دکھانے کی کوشش کی ہے۔[۳۴]

آٹھویں فصل کا مبحث قرآن مجید کے موضوعات اور ان کے مصادر ہیں' جس میں اس نے قرآن مجید کے تصورِ توحید' اسماء وصفات کے مصادر متعین کرنے کی کوشش کی ہے۔[۳۵] نویں فصل قرآنی قصص اور ان کے یہودیت وعیسائیت سے ماخوذ ہونے کے بارے میں ہے' جبکہ دسویں فصل شریعت اسلامیہ مثلاً نماز' روزہ' حج' زکوٰۃ' سود' شراب اور جوا وغیرہ کے بارے میں ہے۔[۳۶] رچرڈ بیل کے اعتراضات کو ہم منٹگمری واٹ کے بیان میں موضوع بحث بنائیں گے' کیونکہ بیل کی یہ کتاب منٹگمری واٹ کی نظر ثانی اور اضافوں کے ساتھ شائع ہوئی ہے۔

آرتھر جیفری Arthur Jeffery (۱۸۹۲۔۱۹۵۹ء)

آرتھر جیفری Arthur Jeffery (۱۸۹۲۔۱۹۵۹ء) کینیڈین نژاد آسٹریلین مستشرق تھا۔ کولمبیا یونیورسٹی' نیویارک میں سامی زبانوں (Semetic Languages) کا پروفیسر رہا ہے۔ مشرق وسطیٰ کے اسلامی مخطوطات (manuscripts) کو اس نے اپنی تحقیقات کا موضوع بنایا۔ قرآن مجید پر بھی اس کا کافی کام ہے جن میں Materials for the History of the Text of the Quran اور The Foreign Vocabulary of the Quran اہم کتب ہیں۔ علاوہ ازیں تحقیقات میں The The Textual History of the Qur'an, Mystic Letters of the Koran, A Variant Text of the Fatiha اور The Orthography of the Samarqand Codex مقالہ جات اہم ہیں۔[۳۷]

ان کتابوں میں جیفری کی معروف ترین کتاب Materials for the History of the Text of the Qur'an ہے جو ابن ابی داؤد رحمہ اللہ کی کتاب 'کتاب المصاحف' کو بنیاد بنا کر لکھی گئی ہے۔ آرتھر جیفری کی تمام کتابوں اور مقالہ جات کا مرکزی خیال تقریباً ایک ہی ہے اور وہ یہ کہ بائبل کی طرح قرآن مجید بھی کوئی مستند مذہبی کتاب نہیں ہے۔ آرتھر جیفری نے ابن ابی داؤد کی کتاب 'کتاب المصاحف' کو ایڈٹ کر کے شائع کیا ہے۔ اس کتاب کے شروع میں اس نے اپنے عربی مقدمے میں قرآن کے بارے میں کئی ایک فرسودہ خیالات و نظریات کا اظہار کیا ہے۔ آرتھر جیفری کی تحقیق سے مزین 'کتاب المصاحف' ۱۹۳۷ء میں پہلی بار شائع ہوئی۔ اس اشاعت کے شروع میں اس نے اپنی کتاب Materials کو بھی شائع کیا۔ یہ کتاب ۶۰۹ صفحات پر مشتمل ہے۔ بعد ازاں ۱۹۶۰ء' ۱۹۶۳ء اور ۱۹۷۵ء میں بھی یہ کتاب شائع ہوئی ہے۔

آرتھر جیفری کا کہنا ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ کے زمانے میں قرآن تحریری شکل میں موجود نہیں تھا[۳۸] اور اپنے اس موقف کی بنیاد اس نے ایک روایت کو بنایا ہے جس کے الفاظ ہیں:

قبض رسول اللّٰہ ﷺ ولم یکن القرآن جمع فی شیء(۳۹)

''اللہ کے رسول ﷺ کی وفات اس حال میں ہوئی کہ قرآن مجید کسی چیز میں جمع نہیں کیا گیا تھا۔''

اس روایت میں قرآن مجید کے ایک جگہ جمع ہونے کا مسئلہ زیر بحث ہے نہ کہ کتابت کا' لہٰذا آرتھر جیفری کا استدلال درست نہیں ہے۔ اور یہ بات درست ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ کے زمانہ میں قرآن مجید ایک کتاب کی صورت میں بین الدَّفَّتَین جمع نہیں کیا گیا بلکہ متفرق اجزاء کی صورت میں لکھا ہوا موجود تھا۔ صحیح روایات سے یہ بات ثابت ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپ ﷺ کی زندگی میں قرآن مجید لکھا کرتے تھے۔ ایک روایت کے الفاظ ہیں کہ حضرت قتادہ رحمہ اللہ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سوال کیا:

مَنْ جَمَعَ الْقُرْآنَ عَلٰی عَهْدِ النَّبِیِّ ﷺ؟ قَالَ: اَرْبَعَةٌ' كُلُّهُمْ مِنَ الْاَنْصَارِ: اُبَیُّ بْنُ كَعْبٍ وَمُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ وَزَیْدُ بْنُ ثَابِتٍ وَاَبُوْ زَیْدٍ (۴۰)

''اللہ کے رسول ﷺ کے زمانہ میں کس نے قرآن مجید جمع کیا؟ انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: چار لوگوں نے' اور وہ چاروں انصاری ہیں: اُبی بن کعب' معاذ بن جبل' زید بن ثابت اور ابوزید (رضی اللہ عنہم)۔''

آرتھر جیفری کا کہنا یہ بھی ہے کہ مستشرقین کی تحقیق کے مطابق اللہ کے رسول ﷺ پڑھنا لکھنا جانتے تھے' جیسا کہ رچرڈ بیل اور ٹوری Charles Cutler Torrey (۱۸۶۳۔۱۹۵۶ء) دونوں نے یہ بات کی ہے۔ اس بنیاد پر آرتھر جیفری نے لکھا ہے کہ مغربی اسکالرز کی تحقیق کی روشنی میں یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ آپ مسلمانوں کے لیے اپنی زندگی کے آخری حصے میں ایک کتاب مرتب کر رہے تھے۔(۴۱)

میکسم روڈنسن Maxime Rodinson (۱۹۱۵۔۲۰۰۴ء) اور منٹگمری واٹ کا بھی یہ دعویٰ ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ پڑھنا لکھنا جانتے تھے اور اس کی دلیل یہ ہے کہ آپ ایک تاجر تھے اور تجارت کے پیش نظر آپ کو حساب کتاب کے لیے لکھنے پڑھنے کی ضرورت تھی لہٰذا آپ پڑھے لکھے تھے۔ قرآن مجید میں آپ ﷺ کے لیے 'اُمی' کا جو لفظ استعمال ہوا تو منٹگمری واٹ کے نزدیک اس سے مراد 'غیر یہودی' ہے نہ کہ ان پڑھ۔(۴۲)

یہ بات درست نہیں ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ پڑھنا لکھنا جانتے تھے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِیَمِیْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ۝۴۸﴾(۴۳)

''اور آپ اس سے پہلے کوئی کتاب نہ پڑھتے تھے اور نہ ہی اپنے داہنے ہاتھ سے لکھتے تھے۔ اگر ایسا ہوتا تو قرآن کو باطل قرار دینے والے ضرور شک میں پڑ جاتے (یعنی تب تو انہیں شک کرنے کی گنجائش تھی)۔''

اگر تو اللہ کے رسول ﷺ لکھنا جانتے ہوتے تو مشرکین مکہ اس آیت کو سنتے ہی شور مچا دیتے۔ اس آیت کی قرآن مجید میں موجودگی اس بات کا بین ثبوت ہے کہ آپ ﷺ پڑھنا لکھنا نہیں جانتے تھے۔

آرتھر جیفری کا کہنا یہ بھی ہے چونکہ اللہ کے رسول ﷺ کے زمانہ میں قرآن مجید تحریری صورت میں موجود نہیں تھا لہٰذا اس میں کمی بیشی کے تمام امکانات موجود تھے' لیکن جب آپ ﷺ کی وفات ہوگئی تو اب یہ امکانات ختم ہو گئے۔(۴۴) اس اعتراض کا جواب ہم پہلے ہی نقل کر چکے ہیں کہ یہ دعویٰ ہی درست نہیں ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ کے زمانے میں قرآن مجید تحریری صورت میں موجود نہیں تھا۔

حضرت ابوبکر ؓ کے زمانے میں جمع قرآن کے کام کے بارے میں آرتھر جیفری کا خیال یہ ہے کہ یہ ایک ذاتی جمع تھی نہ کہ سرکاری۔ اس کے گمان میں سرکاری سطح پر قرآن کی جمع کا کام حضرت عثمان ؓ کے دور میں شروع ہوا۔ آرتھر جیفری نے اس خیال کا بھی اظہار کیا ہے کہ بعض اسکالرز کی تحقیق کے مطابق حضرت زید بن ثابت ؓ نے جمع قرآن کا کام صرف حضرت عثمان ؓ کے لیے کیا تھا' لیکن چونکہ حضرت عثمان ؓ کی شخصیت متنازع تھی لہٰذا بعض صحابہ ؓ نے جمع قرآن کے کام کی نسبت حضرت ابوبکر ؓ کی طرف کرنے کے لیے کچھ ایسی روایات وضع کر لیں جن کے مطابق حضرت زید بن ثابت ؓ کو حضرت ابوبکر ؓ کے زمانے میں جمع قرآن پر مامور کیا گیا تھا۔(۴۵)

حضرت ابوبکر ؓ کی جمع قرآن کو ذاتی جمع قرار دینا قطعاً غلط ہے۔ متفق علیہ روایات سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ یہ جمع سرکاری تھی۔ حضرت عمر ؓ کی خواہش پر حضرت ابوبکرؓ نے حضرت زید بن ثابت ؓ ایک جگہ قرآن جمع کرنے کا حکم دیا تھا۔(۴۶) آرتھر جیفری نے اپنی کتاب Material میں کتاب المصاحف کے اس حصے کو بنیاد بنایا ہے کہ جس میں مختلف صحابہؓ اور تابعینؒ کے مصاحف کا تذکرہ ہے۔ اس کا کہنا یہ ہے کہ صحابہ اور تابعین کے زمانے میں مسلمانوں کا کسی ایک قرآن پر اتفاق نہ تھا' بلکہ ان میں سے اکثر کے پاس اپنا ذاتی مصحف تھا اور یہ ذاتی مصحف ایک ایسے قرآن پر مشتمل تھا جو دوسرے کے پاس موجود نہ تھا۔ اس کا کہنا ہے کہ ہمیں روایات و آثار سے پندرہ صحابہ اور تیرہ تابعین کے ان ذاتی مصاحف کا پتا چلتا ہے جن کی آیات مصحف عثمانی اور مروّجہ قراءات کے خلاف ہیں۔ آرتھر جیفری نے حضرت عبداللہ بن مسعود' حضرت ابی بن کعب' حضرت علی' حضرت عبداللہ بن عباس' حضرت ابوموسیٰ اشعری' حضرت حفصہ' حضرت انس بن مالک' حضرت عمر' حضرت زید بن ثابت' حضرت عبداللہ بن زبیر' حضرت عبداللہ بن عمرو' حضرت عائشہ' حضرت سالم' حضرت ام سلمہ اور حضرت عبید بن عمیر (ﷺ) تابعین میں سے حضرت اسود' حضرت علقمہ' حضرت حطان' حضرت سعید بن جبیر' حضرت طلحہ' حضرت عکرمہ' حضرت مجاہد' حضرت عطاء بن ابی رباح' حضرت ربیع بن خیثم' حضرت اعمش' حضرت جعفر صادق' حضرت صالح بن کیسان اور حضرت حارث بن سوید (ﷺ) کے مصاحف کا ذکر کیا ہے۔(۴۷)

آرتھر جیفری نے اپنی کتاب Materials میں جنہیں مصاحف قرار دیا ہے وہ دراصل صحابہ کرامؓ سے مروی قراءات کی روایات ہیں اور قراءات کا اختلاف یا تنوّع اہلِ علم سے پوشیدہ نہیں ہے۔ ہم یہاں یہ بھی واضح کرتے چلیں کہ آرتھر جیفری نے کتاب المصاحف کی بنیاد پر قراءات کے جو بے شمار اختلافات نقل کیے ہیں' ان میں سے اکثر و بیشتر روایات منقطع اور ضعیف ہیں۔(۴۸) اور منقطع اور ضعیف روایت کی بنیاد پر کسی مصحف یا قراءت کی نسبت کسی صحابی کی طرف کرنا ہمارے نزدیک کوئی علمی رویہ اور اسلوب نہیں ہے۔ صحابہ و تابعین کی مذکورہ بالا جماعت میں سے دو صحابہ حضرت عبداللہ بن مسعود اور اُبی بن کعب ؓ کے بارے میں روایات میں ان کے کسی ذاتی مصحف کا تذکرہ ملتا ہے۔

ابن ندیم رحمہ اللہ (متوفی ۴۳۸ھ) نے مصحف عبداللہ بن مسعود ؓ کا ذکر کیا ہے اور اس کی سورتوں کی جو فہرست پیش کی ہے اس میں نو سورتیں غائب ہیں' جو سورۃ الفاتحہ' سورۃ الحجر' سورۃ الکہف' سورۃ طٰہٰ' سورۃ النمل'

سورۃ الشوریٰ' سورۃ الزلزال' سورۃ الفلق اور سورۃ الناس ہیں۔ اس روایت کے راوی فضل بن شاذان (متوفی ۲۶۰ھ) ہیں جو ایک شیعہ فقیہ اور متکلم ہیں۔ (۴۹) اس روایت کے آخر میں ہے کہ یہ کل ملا کر ۱۱۰ سورتیں ہوئیں جبکہ اس روایت میں ۱۰۵ سورتوں کے نام نقل ہوئے ہیں۔ (۵۰) علاوہ ازیں فضل بن شاذان کے حالات زندگی سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے تیسری صدی ہجری میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ہی کا کوئی مصحف دیکھا اور تیسری صدی ہجری میں کسی مصحف کا مشاہدہ یہ ثابت نہیں کرتا کہ یہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ہی کا مصحف ہے۔ ابن ندیم (متوفی ۴۳۸ھ) کا کہنا یہ بھی ہے کہ میں نے اپنے زمانے چوتھی/ پانچویں صدی ہجری میں کئی ایک ایسے مصاحف دیکھے ہیں جن کے بارے میں لوگوں کا یہ دعویٰ ہے کہ وہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا مصحف ہے' لیکن ان میں سے دو مصحف بھی آپس میں نہیں ملتے۔ ان کا کہنا یہ بھی ہے کہ میں نے دو سو سال پرانا ایک مصحف دیکھا ہے جس کی نسبت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی طرف کی جاتی ہے اور اس میں سورۃ الفاتحہ بھی موجود ہے۔ (۵۱)

امام سیوطی رحمہ اللہ (متوفی ۹۱۱ھ) نے 'الاتقان' میں مصحف عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ میں سورتوں کی جو تعداد نقل کی ہے اس میں سورۃ الفاتحہ اور معوذتین موجود نہیں ہیں (۵۲) جبکہ ابن ندیم نے جو مصحف دیکھا اس میں سورۃ الفاتحہ بھی موجود تھی۔ اس بحث کا خلاصہ کلام وہی ہے جو ابن ندیم نے نکالا ہے کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے مصحف کے بارے میں مروی روایات میں سے کوئی دو روایات یا ان کی طرف منسوب مصاحف میں سے کوئی دو مصحف بھی آپس میں متفق نہیں ہیں۔ پس ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی طرف ان مصاحف یا روایات کی نسبت میں اضطراب ہے اور مضطرب روایت محدثین کے ہاں 'ضعیف' ہی کی ایک قسم ہے۔ پس اس سے ثابت ہوا کہ مصحف عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ میں وہی قراءات موجود تھیں جو ان سے سینہ بسینہ صحیح و متواتر سند کے ساتھ آج تک قراء نقل کرتے چلے آ رہے ہیں اور روایت حفص بھی انہی میں سے ایک ہے۔ ان میں سے چند ایک اسناد ماہنامہ رشد جون ۲۰۰۹ء' ص ۱۹۵ پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔

مصحف اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایات سے یہ بات بھی ثابت ہے کہ ان کا ذاتی مصحف حضرت عثمان رضی اللہ عنہ ضبط کر لیا تھا۔ جمع عثمانی سے قبل حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کا مصحف کیسا تھا یا کن سورتوں پر مشتمل تھا یا اس کا رسم الخط کیا تھا؟ اس بارے میں ہمیں کوئی مستند روایت نہیں ملتی۔ جو آثار اس مصحف کے احوال کے بارے میں مروی ہیں وہ باہم متضاد ہیں' لہٰذا مضطرب المتن ہونے کی وجہ سے ناقابلِ قبول اور ضعیف ہیں۔ (۵۳)

ابن ندیم نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے مصحف میں موجود سورتوں کی ترتیب مصحف عثمانی کے برعکس نقل کی ہے۔ اس ترتیب کے مطابق ان کے مصحف میں مصحف عثمانی کے بالمقابل ۱۰ سورتیں یعنی سورۃ العنکبوت' سورۃ لقمان' سورۃ الدخان' سورۃ الذاریات' سورۃ التحریم' سورۃ المزمل' سورۃ المدثر' سورۃ البلد اور سورۃ العصر غائب ہیں۔ علاوہ ازیں دو سورتوں سورۃ الخلع اور سورۃ الجید کا اضافہ بھی ہے۔ (۵۴) اس روایت میں کل ۱۰۶ سورتوں کا بیان ہے' حالانکہ روایت کے آخر میں لکھا ہے کہ یہ کُل ۱۱۶ سورتیں ہوئیں۔ یعنی مصحف ابن مسعود والی روایت کی مانند یہ روایت بھی اپنی تکذیب خود ہی کر رہی ہے۔ (۵۵)

امام سیوطی نے 'الاتقان' میں مصحف ابی بن کعبؓ کی سورتوں کی جو ترتیب بیان کی ہے وہ ابن ندیم کی

ترتیب سے مختلف ہے۔ امام سیوطی رحمہ اللہ نے یہ روایت ابن اُشتہ رحمہ اللہ (متوفی ۴۹۱ھ) سے نقل کی ہے جو انہوں نے اپنی کتاب 'کتاب المصاحف' میں بیان کی ہے۔ ابن اُشتہ کی یہ کتاب اس وقت مفقود ہے لہٰذا اس خبر کی بنیاد ہمارے پاس 'الاتقان' ہی ہے۔ ابن اُشتہ نے یہ روایت محمد بن یعقوب سے' انہوں نے ابوداؤد سے اور انہوں نے ابوجعفر الکوفی سے نقل کی ہے۔ اور ابوجعفر الکوفی کی وفات ۲۴۸ھ میں ہوئی۔

ابن اشتہ کی بیان کردہ اس فہرست میں مصحف عثمانی کے بالمقابل ۱۰۶ سورتوں کا بیان ہے اور ۸ سورتیں یعنی سورۃ الفرقان' سورۃ فاطر' سورۃ الزخرف' سورۃ القمر' سورۃ المجادلہ' سورۃ الانسان اور سورۃ البروج وغیرہ غائب ہیں۔ علاوہ ازیں دو سورتوں سورۃ الخلع اور سورۃ الحفد کا اضافہ بھی ہے۔(۵۶) یہ دونوں روایات مضطرب ہونے کی وجہ سے نا قابلِ قبول ہیں۔

کتاب المصاحف ہی کی ایک روایت سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کا مصحف اپنے قبضے میں لے لیا تھا۔ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے بیٹوں کے لیے بھی اس مصحف کو دیکھنا ممکن نہیں رہا تھا چہ جائیکہ کوئی سینکڑوں سال بعد مصحف ابی بن کعب کو دیکھنے کا دعویٰ کرے۔ جب اہلِ عراق کی ایک جماعت محمد بن ابی رحمہ اللہ کے پاس آئی تا کہ وہ انہیں اپنے والد محترم کا مصحف دکھا سکیں تو انہوں نے کہا کہ وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے لے لیا تھا۔ انہوں نے دوبارہ یہی مطالبہ کیا تو محمد بن ابی رحمہ اللہ نے دوبارہ یہی جواب دیا۔(۵۷)

(جاری ہے)

مصادر و مراجع

۱۔ عمر بن ابراهيم رضوان الدكتور' آراء المستشرقين حول القرآن الكريم وتفسيره' دار طيبة' الرياض' ۱۹۹۲ء' ۱۸۶/۱۔

2- Theodor Noldeke, accessed 29 March 2013, <http://en.wikipedia.org/wiki/N%C3%B6ldeke>.

۳۔ ہماری مراد اس کی وہ تحریریں ہیں جو انگریزی میں مترجم ہیں۔

4- How these revelations actually arose in Muhammad's mind is a question which is almost as idle to discuss as it would be to analyze the workings of the mind of a poet. In his early career, sometimes perhaps in its later stages also, many revelations must have burst from him in uncontrollable excitement, so that he could not possibly regard them otherwise than as divine inspirations. We must bear in mind that he was no cold systematic thinker, but an Oriental visionary, brought up in crass superstition, and without intellectual discipline; a man whose nervous temperament had been powerfully worked on by ascetic austerities, and who was all the more irritated by the opposition he encountered, because he had little of the heroic in his nature. Filled with his religious ideas and visions he might well fancy he heard the angel bidding him to recite what was said to him.(Theodor Noldeke, The Quran: An Introductory Eassy, USA: Interdiciplinary Biblical Research Institute, 1992, p. 5)

5- Uthman's Qur'an was not complete. Some passages are evidently fragmentary; and a few detached pieces are still extant which were originally parts of the Qur'an, although they have been omitted by Zaid. (Ibid, p. 23)

٦۔ آراء المستشرقين: ١/٣٨٨۔٣٨٩۔ ٧۔ الأحزاب:٣٣:٣٧۔

٨۔ بخاری ،محمد بن اسماعیل إمام،صحیح البخاری،کتاب تفسیر القرآن،باب قوله تعالی وتخفی فی نفسك ماالله مبديه، دار طوق النجاة، بيروت، ١٤٢٢ھ،٦/١١٧۔

٩۔ أحمد بن حنبل امام، مسند أحمد، مؤسسة الرسالة، بيروت، ٢٠٠١ء،٤٣/٣٢٤۔

10- William St. Clair Tisdall, accessed 28 March 2013, <http://en.wikipedia.org/wiki/William_St._Clair_Tisdall>.

11- William St. Clair Tisdall , accessed 28 March 2013, <http://www.answering-islam.org/Books/Tisdall/WW/index.htm>.

12- When the Surahs are arranged in the chronological order of their composition and compared with the events in Muhammad's life, we see that there is much truth in the statement that the passages were—not, as Muslims say, revealed, but—composed from time to time, as occasion required, to sanction each new departure made by Muhammad. The Qur'an is a faithful mirror of the life and character of its author. It breathes the air of the desert, it enables us to hear the battle-cries of the Prophet's followers as they rushed to the onset, it reveals the working of Muhammad's own mind, and shows the gradual declension of his character as he passed from the earnest and sincere though visionary enthusiast into the conscious impostor and open sensualist. (The Original Sources of the Quran, William St. Clair Tisdall, accessed 28 March 2013, <http://www.answering-islam.org/Books/Tisdall/Sources/chap 1.htm>.)

13- It is clear, from all that has been said, that the first source of Islam is to be found in the religious beliefs and practices of the Arabs of Muhammad's day. From this heathen source, too, Islam has derived the practice of Polygamy and that of slavery, both of which, though adding nothing to their evil effects in other respects, Muhammad sanctioned for all time by his own adoption of them. (The Original Sources of the Quran, William St. Clair Tisdall, accessed 28 March 2013,<http://www.answering-islam.org/Books/Tisdall/Sources/chap2.htm >.)

١٤۔آراء المستشرقين: ١/٢٤٤۔٢٤٥۔

15- The Original Sources of the Quran, William St. Clair Tisdall, accessed 28 March 2013,<http://www.answering-islam.org/Books/Tisdall/Sources/index.htm>.

16- Faith, Repentance, Heaven and Hell, the Devil and his Angels, the heavenly Angels, Gabriel the Messenger of God, are specimens acquired from some Jewish source, either current or ready for adoption. Similarly familiar were the stories of the Fall of Man, the Flood, the destruction of the Cities of the Plain, &c. — so that there was an extensive substratum of crude ideas bordering upon the spiritual, ready to the hand of Muhammad.

17- In his youth, we are told, Muhammad heard the preaching of Quss, the Bishop of

Najran, and he met many monks and saw much of professing Christians when he visited Syria as a trader before his assumption of the prophetic office. (The Original Sources of the Quran, William St. Clair Tisdall, accessed 28 March 2013, <http://www.answering-islam.org/Books/Tisdall/Sources/chap4.htm >.)

١٨ـ ابن هشام جمال الدين عبد الملك‘السيرة النبوية‘ شركة مكتبة ومطبعة مصطفى البابى الحلبى‘مصر‘١٩٥٥ء‘٢٢٤/١ـ

١٩ـ بخارى ‘صحيح البخارى‘كتاب بدء الوحى‘باب كيف كان بدء الوحى‘٧/١ـ

٢٠ـ السيرة النبوية: ١٨٢/١ـ ٢١ـ السيرة النبوية:١٨٨/١ـ ٢٢ـ السيرة النبوية:١٨٨/١ـ

23- It may be safely concluded that, since the tales of the kings of Persia were of interest to the Arabs and they had heard of Rustam and Isfandiyar, they are unlikely to have been quite ignorant of the story of Jamshid. Nor is it *probable* that the Persian fables regarding the ascension to heaven of Arta Viraf and of Zoroaster before him, their descriptions of Paradise and the Bridge of Chinvat and tile tree Hvapah, the legend of Ahriman's coming up out of primaeval darkness, and many other such marvellous tales, had remained entirely unknown to the Arabs. If they were known, it was natural that Muhammad should have made some use of them, as he did of Christian and Jewish legends. (The Original Sources of the Quran, William St. Clair Tisdall, accessed 28 March 2013, <http://www.answering-islam.org/Books/Tisdall/Sources/chap5.htm >.)

24- Ibid.

